★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 323 بروز بدھ 19 اگست 2026ء 5 ربیع الاول 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان میں گوگل کے دفتر کا افتتاح کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان میں گوگل کے دفتر کا افتتاح کر دیا۔ منگل کو وزیراعظم شہباز شریف سے گوگل کے وفد کی ملاقات بھی ہوئی جس میں وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان گوگل کے لیے ایک اہم اور خوبصورت نئے سفر کا آغاز ہے اور گوگل کے لیے پاکستان میں بے پناہ مواقع موجود ہیں۔ اس موقع پر گوگل کے نائب صدر نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ طویل مدتی شراکت داری کے خواہاں ہیں، پاکستان میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔

جماعت اسلامی کا پٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنا تیسرے روز میں داخل

لاہور (یو این اے) جماعت اسلامی کا پٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنا تیسرے روز میں داخل ہو گیا، جبکہ دھرنے میں عوام اور کارکنان کی شرکت کو مرحلہ وار رکھنے کی حکمت عملی تیار کر لی گئی ہے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق آج شام وسطی اور مشرقی پنجاب کے مختلف اضلاع سے کارکنان کے قافلوں کی دھرنے میں شرکت متوقع ہے، دھرنے میں شرکت کے لیے آنے والے افراد رات گئے اپنے اضلاع کو روانہ ہوں گے، جبکہ اگلے روز دیگر اضلاع سے کارکنان پنڈال پہنچیں گے۔

سینیٹر عابد شیر علی رشتہ ازدواج میں بندھ گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر رہنما سینیٹر عابد شیر علی رشتہ ازدواج میں بندھ گئے۔ لیگی رہنما کی اہلیہ کچھ برس قبل انتقال کر گئی تھیں جس کے باعث عابد شیر علی نے دوسری شادی کی ہے۔ سیاسی وسماجی (باقی صفحہ 2 نمبر4)

وزیراعظم کی عازمین حج کو بہترین سہولیات کی فراہمی، موثر انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے عازمین حج کو بہترین سہولیات کی فراہمی اور تمام انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔ وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی، ملاقات میں وفاقی وزیر نے (باقی صفحہ 2 نمبر3)

سچ یہ ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے میرے دل کا بوجھ کچھ کم ہوا ہے، سعد رفیق

لاہور (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور سابق وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ سچ یہ ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے میرے دل کا بوجھ کچھ کم ہوا ہے۔ عمران خان سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلے پر بیان میں خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ بانی کی (باقی صفحہ 2 نمبر2)

وفاقی حکومت کو کوشش ہے کہ بلوچستان کو ترقی کے میدان میں دیگر صوبوں کے برابر لایا جائے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات

بلوچستان میں بیرونی سرمایہ کاری کو فروغ دیکر ترقی و خوشحالی کی نئی راہیں متعین کی جاسکتی ہیں، خواجہ آصف

وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون کے ذریعے سرمایہ کاری کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور، کاروباری سرگرمیوں کو فروغ اور بلوچستان کی وسیع معاشی استعداد کو بروئے کار لایا جاسکتا ہے

اسلام آباد/کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBOIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سہولت کاری اور سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے وفاقی وزیر کو بورڈ کی جانب سے کاروباری سہولت کاری، سرمایہ کاروں کو معاونت، سرمایہ کاری کے تحفظ اور مقامی و بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے سازگار کاروباری ماحول کی تشکیل کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروبار (باقی صفحہ 2 نمبر1)

تحریک انصاف نے فیصلہ کرنا ہے کہ وہ احتجاج کرے گی یا اسے ملتوی کرے گی بلوچ علاقوں میں شہروں کو بچانے کے لیے کھدائیاں کی گئی ہیں تاکہ صرف شہر محفوظ رہیں، جبکہ باقی علاقوں پر قبضہ ہے

جب پہلے صوبے بنانے کی بات کی جارہی تھی تو اس وقت اسٹیبلشمنٹ بھی مخالفت کر رہی تھی، آج کون سی وحی آ گئی کہ کبھی ملک کو 16 اور کبھی 32 یونٹس میں تقسیم کرنے کی بات کی جارہی ہے، میڈیا سے گفتگو

ملک کے اصل مسائل سے توجہ ہٹانے کیلئے صوبوں کا ایشو اٹھایا گیا

مولانا فضل الرحمان

ایک طرف کشمیری عوام کا ووٹ لیا جا رہا ہے جبکہ راولاکوٹ میں دو ماہ سے لوگ دھرنے میں بیٹھے ہیں، لکی مروت اور بنوں سمیت مختلف علاقوں میں پولیس کا کمانڈ ٹوٹ چکا ہے پولیس آئی جی یا ڈی آئی جی کے احکامات نہیں مانتی

اسلام آباد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ کسی مریض کو مسئلہ درپیش ہو تو اسے فوری حل کرنا چاہیے، سپریم کورٹ کا فیصلہ بہت پہلے آ جانا چاہیے تھا، تاہم اب فیصلہ آیا ہے تو "دیر آئے درست آئے"۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اب تحریک انصاف نے فیصلہ کرنا ہے کہ وہ احتجاج کرے گی یا اسے ملتوی کرے گی۔ صوبوں کے معاملے پر بحث ہو سکتی ہے، اصولی طور پر ہم نئے یونٹس کے خلاف نہیں ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر5)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف کابینہ کمیٹی برائے انرجی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے گاڑی پر فائرنگ کر کے 3 افراد کو ہلاک کر دیا

گاڑی میں چاروں افغان باشندے سوار تھے جو گلستان جا رہے تھے ان افراد کی شناخت کی جا رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے میاں غنڈی کے قریب کوئٹہ کراچی شاہراہ پر والہ دین سے گلستان جانے والی کار پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے تین افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق والہ دین سے گلستان جانے والے گاڑی پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے کوئٹہ کے علاقے میاں غنڈی میں فائرنگ کر کے فرار (باقی صفحہ 2 نمبر31)

اسلام آباد ایئرپورٹ پر امیگریشن کلیئرنس میں مبینہ کرپشن کا نیٹ ورک بے نقاب

اسلام آباد (آئی این پی) ایف آئی اے اینٹی کرپشن سیل اسلام آباد کی بڑی کارروائی، نیو اسلام آباد ایئرپورٹ پر امیگریشن کلیئرنس میں مبینہ کرپشن کا نیٹ ورک بے نقاب ہو گیا۔ چینی شہری کی نشاندہی پر ایف آئی اے نے غوری ٹا (باقی صفحہ 2 نمبر30)

سرفراز بگٹی کی پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر شفیق الرحمن مینگل سے ملاقات

صوبے کی مجموعی سیاسی و امن وامان کی صورتحال، موجودہ حالات اور عوام کو درپیش مسائل پر بھی تبادلہ خیال ہوا

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے منگل کو مینگل ہاؤس اسلام آباد جا کر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر شفیق الرحمن مینگل سے ملاقات کی۔ ملاقات میں گزشتہ دنوں خضدار میں میر شفیق الرحمن مینگل کی رہائش گاہ پر فتنہ ہندوستان کے دہشتگردانہ خودکش حملے اور اس کے نتیجے میں شہید ہونے والے افراد کے (باقی صفحہ 2 نمبر6)

حکومت فاٹا اور پاٹا کے عوام کے مخصوص مسائل اور ضروریات سے پوری طرح آگاہ ہے، بلال اظہر کیانی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ حکومت فاٹا اور پاٹا کے عوام کے مخصوص مسائل اور ضروریات سے پوری طرح آگاہ اور ان کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قبائلی عوام اور سکیورٹی فورسز کی قر (باقی صفحہ 2 نمبر7)

پاکستان میں پہلی بار سمندر کے کنارے اعلیٰ معیار کی گیس دریافت

جراسک دور کی لوئر انڈس بیسن کی چلتن فارمیشن سے ہائیڈروکاربن کی سب سے پہلی دریافت ہے

اس کے ممکنہ کم گہرے سمندری توسیعی علاقوں میں ایک نئی ایکسپلوریشن فرنٹیئر کھل گئی ہے

کراچی (یو این اے) پاکستان میں سمندر کے کنارے نئے ہائیڈروکاربن پلے یعنی اعلیٰ معیار کی گیس کی پہلی کامیاب دریافت ہوئی ہے۔ پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ کے اعلامیے کے مطابق اس نے ضلع سجاول، سندھ میں واقع اپنے آپریٹڈ سرانی بلاک کے دریافتی کنوئیں ڈولفن سے گیس کی ایک منفرد اور اہم دریافت کی ہے۔ واضح رہے (باقی صفحہ 2 نمبر8)

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن وزیراعلیٰ ہاؤس کے باہر دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور دیرپا امن کے قیام تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں بلا تعطل جاری رہیں گی، سکیورٹی حکام

بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائیاں، 9 سے زائد دہشتگرد ہلاک، متعدد ٹھکانے تباہ

سکیورٹی فورسز نے دشت کتائی اور حاجیکہ کے درمیان مؤثر ناکہ بندی قائم کر کے دہشتگردوں کی نقل و حرکت کا سراغ لگایا

کارروائیوں میں ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم، واکی ٹاکی، موٹر سائیکل اور دیگر سامان برآمد کیا گیا

راولپنڈی/کوئٹہ (آن لائن) آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشتگردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق زیارت، ہرنائی اور سوراب میں کیے گئے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران 9 سے زائد دہشتگرد ہلاک جبکہ دہشتگردوں کے ٹھکانے بھی تباہ کر دیے گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی سلسلے میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران فورسز نے دہشتگردوں کے ٹھکانے کو گھیرے میں لے کر مؤثر کارروا (باقی صفحہ 2 نمبر9)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

پی آئی اے و نجی ایئرلائنز کے چند ہزار کے ٹکٹس لاکھوں میں، بولان میل و جعفر ایکسپریس روزانہ چلانے کا مطالبہ

کراچی روڈ ناقابل سفر، سندھ میں روڈ ڈکیتیوں سے عوام پریشان ہے، جمال شاہ کاکڑ

شفیق موڑ پر پشتونوں کی گرفتاری اور کراچی میں پشتون کمیونٹی و کاروباری افراد سے مبینہ زیادتی پر اظہار تشویش

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے قومی اسمبلی میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے بلوچستان کے عوام کو درپیش سفری مشکلات اور کراچی میں پشتون کمیونٹی کو پیش آنے والے مسائل پر حکومت اور متعلقہ اداروں کی توجہ مبذول کرائی۔ (باقی صفحہ 2 نمبر10)

وائس چانسلر یونیورسٹی آف گوادر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی زیر صدارت اجلاس، اجلاس میں تدریسی و انتظامی امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی

نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

ملک کی پہلی نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کا اجرا حکومت کی مخلصانہ کاوشوں کا عکاس ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے نوجوانوں خصوصاً خواتین اور بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے ہنرمند نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع بڑھانے پر خصوصی توجہ کی ہدایت کر دی۔ نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی پر عملدرآمد سے متعلق جائزہ اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر16)

خواتین کو جدید تعلیم اور ہنر سے آراستہ کرنا ناگزیر ہے، اسد اللہ فیض

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض کی جانب سے خواتین کو جدید تعلیم، فنی تربیت اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے شروع کیے گئے بااختیار وومن سینٹر انیشیٹو (باقی صفحہ 2 نمبر17)

ہیپاٹائٹس ٹیسٹ نہ کرانے والے وزارت صحت کے ملازمین کی تنخواہ بند کی جائے گی، مصطفیٰ کمال

وزرا سمیت تمام سرکاری ملازمین کے ہیپاٹائٹس ٹیسٹ لازمی قرار دیے جائیں گے

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ وزارت صحت کے ملازمین کیلئے ہیپاٹائٹس ٹیسٹ لازم کیا گیا ہے، ٹیسٹ نہ کرانے والے وزارت صحت کے ملازمین کی تنخواہ بند کی جائے گی، وزرا سمیت تمام سرکاری ملازمین کے ہیپاٹائٹس (باقی صفحہ 2 نمبر15)

نادرا اور نیشنل فرانزکس ایجنسی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (آئی این پی) شناخت کے تحفظ اور فرانزک سرگرمیوں میں بہتری لانے کے لیے نادرا اور نیشنل فرانزکس (باقی صفحہ 2 نمبر14)

امریکی محکمہ خارجہ کی رپورٹ میں بھی پاکستان میں بجٹ تک رسائی، مالیاتی نظام سے متعلق شفاف معلومات اور مضبوط قانونی فریم ورک کو سراہا گیا، خرم شہزاد

پاکستان میں بجٹ شفافیت میں نمایاں بہتری، عالمی اداروں نے بھی حکومتی اصلاحات کا اعتراف کر لیا

بجٹ شفافیت میں صرف دو سال کے دوران 50 فیصد تک بہتری آئی، بجٹ سے متعلق معلومات تک عوام کی رسائی اور حکومتی جوابدہی میں بھی نمایاں اضافہ ہوا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں بجٹ سازی اور مالیاتی نظام میں شفافیت کے حوالے سے نمایاں پیش رفت سامنے آئی ہے، جسے عالمی اداروں کی رپورٹس میں بھی تسلیم کیا گیا ہے۔ حکومتی اصلاحات، عوامی شرکت میں اضافے اور مالیاتی معلومات تک رسائی بہتر ہونے کے باعث پاکستان کی بجٹ شفافیت میں گزشتہ دو برس کے دوران نمایاں بہتری ریکارڈ کی گئی ہے۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد کے مطابق پاکستان میں (باقی صفحہ 2 نمبر13)

عدالتی حکم پر مکمل عمل، بانی کی صحت پر سیاست نہیں کریں گے، پی ٹی آئی

بانی پی ٹی آئی عمران خان کو علاج کیلئے شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کرنے کے سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کو علاج کیلئے شفا انٹرنیشنل ہسپتال منتقل کرنے کے سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ سپریم کورٹ نے بانی کو 2 روز میں ہسپتال منتقل کرنے کا حکم دیا، کسی صورت عمران خان کی صحت پر سیاست نہیں کریں گے، ہم نے ہسپتال کے باہر عدالت کو اجتماعات نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے بطور جنرل سیکرٹری عدالت کو یقین دہانی کرائی ہے کہ ہم وہاں کوئی ہلڑبازی نہیں کریں گے، ہمیں اپنے وعدے کا پاس رکھنا ہے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا جو خالق (باقی صفحہ 2 نمبر11)

سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کے تمام مقدمات کی تفصیلات طلب کر لیں

اسلام آباد (آئی این پی) سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے تمام مقدمات کی تفصیلات طلب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پی ٹی کتنے مقدمات میں سزا یافتہ ہیں؟ بانی پی ٹی آئی کی صحت اور ملاقاتوں سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا میڈیکل ریکارڈ دینے (باقی صفحہ 2 نمبر12)

سڑکیں بند ہیں اور معاشی قتل عام ہو رہا ہے، مولانا عبدالغفور حیدری

ہمیں امن چاہیے، حکومت بتائے کہ امن ہمیں کب ملے گا، علی محمد خان، قومی اسمبلی میں اظہار خیال

سیاست دانوں کو اپنی اہمیت پہچاننی ہوگی، یہاں سے ڈائیلاگ کی شروعات ہونی چاہیے، رہنما جمعیت

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کے اجلاس میں ارکان نے ملک میں امن وامان کی صورتحال، طویل لوڈشیڈنگ، گیس کی قلت، نئے صوبوں اور 28 ویں آئینی ترمیم سمیت مختلف اہم عوامی مسائل پر حکومت کی توجہ مبذول کرائی۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے رکن مولانا عبدالغفور حیدری نے ملک میں امن وامان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں امن چاہیے، حکومت بتائے کہ امن ہمیں کب (باقی صفحہ 2 نمبر18)

پی آئی اے سمیت تمام ایئرلائنز کو 15 سال تک درآمدی اشیا پر سیلز ٹیکس چھوٹ دینے کا فیصلہ

ٹیکاری کمیٹی حکام کے مطابق آئندہ بجٹ سے اس فیصلے کا اطلاق ہوگا اور یہ ٹیکس چھوٹ 15 سال کیلئے ہوگی

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی ٹیکاری کے اجلاس میں پی آئی اے سمیت تمام ایئرلائنز کو درآمدی اشیا پر سیلز ٹیکس چھوٹ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر27)

دہشت گردی کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر مملکت

ملک کو غیر ملکی عناصر سے مکمل صاف کریں گے، طلال چودھری

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ ملک کو غیر ملکی عناصر سے بالکل صاف کریں گے۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے طلال (باقی صفحہ 2 نمبر26)

زیارت کراس پر کسٹمز کی بڑی کارروائی، 10 کروڑ روپے مالیت کا سامان ضبط

کوئٹہ (آئی این پی) محکمہ کسٹمز نے زیارت کراس کے مقام پر کارروائی کرتے ہوئے مسافر بس سے 122 کلو باریک چاندی، 277 پرانے و استعمال شدہ اسمارٹ فونز اور 5 (باقی صفحہ 2 نمبر25)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف گل پاکستان کے دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں

علاقائی امن و استحکام کے لیے سفارتی حل اور مذاکرات کے تسلسل پر زور پاکستان کے اس دیرینہ اور اصولی موقف کا اعادہ

پاکستان اور روس کے درمیان کلیدی شعبوں میں تعاون اور رابطے جاری رکھنے پر اتفاق

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے روس کے سفیر البرٹ خوریف کی ملاقات، پاک روس دوطرفہ تعلقات میں پیشرفت کا جائزہ

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے روس کے سفیر البرٹ خوریف نے ملاقات کی جس میں پاک روس دوطرفہ تعلقات میں پیشرفت کا جائزہ لیا اور علاقائی امن و استحکام کے لیے سفارتی حل اور مذاکرات کے تسلسل پر زور دیا۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاک روس دوطرفہ تعلقات میں آنے والے مثبت موڑ اور بڑھتی ہوئی پیشرفت کو سراہا (باقی صفحہ 2 نمبر28)

جیکب آباد، جعفر ایکسپریس کی آمد سے قبل ریلوے ٹریک پر دھماکا، پٹڑی کو نقصان

جیکب آباد (آئی این پی) جیکب آباد میں جعفر ایکسپریس کی آمد سے قبل ریلوے ٹریک پر دھماکا، پٹڑی کو نقصان، مرمتی (باقی صفحہ 2 نمبر23)

ملک میں تمام دریا معمول کے مطابق بہہ رہے ہیں، کہیں سیلاب کا خطرہ نہیں، معین وٹو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آبی وسائل معین وٹو نے کہا ہے کہ ملک (باقی صفحہ 2 نمبر24)

سید علی رضا وزیراعظم آفس (پبلک) افیئرز یونٹ میں قانونی مشیر مقرر

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم نے سید علی رضا کو وزیراعظم آفس (پبلک) افیئرز یونٹ میں قانونی مشیر مقرر کر دیا۔ وزیراعظم آفس (پبلک) کی جانب سے منگل کو جاری نو (باقی صفحہ 2 نمبر29)

ضیاء اللہ لانگو نے قمبرانی روڈ کی رہائشی مسماۃ اسماء ولد امان اللہ کے مبینہ اغوا اور تشدد کا نوٹس لے لیا

وزیر داخلہ بلوچستان نے 24 گھنٹے میں حکام سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے قمبرانی روڈ کی رہائشی مسماۃ اسماء ولد امان اللہ کے مبینہ اغوا اور تشدد کا نوٹس لیتے ہوئے وزیر داخلہ بلوچستان نے 24 گھنٹے میں حکام سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ واقعے میں ملوث افراد کی فوری گرفتاری اور انکوائری کی جائے، خاتون پر مبینہ تشدد اور دیگر تمام پہلوؤں کی تحقیقات کی جائے۔ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے قمبرانی روڈ کی رہائشی مسماۃ اسماء ولد امان اللہ کے مبینہ اغوا اور تشدد کا نوٹس لیتے ہوئے وزیر داخلہ بلوچستان نے 24 گھنٹے (باقی صفحہ 2 نمبر22)

پاکستان اور روس کے درمیان کلیدی شعبوں میں تعاون اور رابطے جاری رکھنے پر اتفاق

اسحاق ڈار نے پاک روس دوطرفہ تعلقات میں آنے والے مثبت موڑ اور بڑھتی ہوئی پیشرفت کو سراہا

اسلام آباد (یو این اے) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار سے روس کے سفیر البرٹ خوریف نے ملاقات کی جس میں پاک روس دوطرفہ تعلقات میں پیشرفت کا جائزہ لیا اور علاقائی امن و استحکام کے لیے سفارتی حل اور مذاکرات کے تسلسل پر زور دیا۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاک روس دوطرفہ تعلقات میں آنے والے مثبت موڑ اور بڑھتی ہوئی پیشرفت کو سراہا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اہم اور کلیدی شعبوں میں تعاون کے فروغ کے ساتھ ساتھ اعلیٰ سطحی را (باقی صفحہ 2 نمبر21)

سینیٹ اجلاس، جے یو آئی نے ضم شدہ قبائلی اضلاع میں ٹیکسز کے نفاذ کی مخالفت کر دی

فاٹا کے لوگوں کی مشکلات نہ بڑھائی جائیں، حکومتی اراکین کہتے ہیں ٹیکس استثنیٰ کی چھوٹ کا غلط استعمال کیا

فاٹا کے لوگوں کی مشکلات نہ بڑھائی جائیں، حکومتی اراکین کہتے ہیں ٹیکس استثنیٰ کی چھوٹ کا غلط استعمال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام نے ضم شدہ اضلاع فاٹا اور پاٹا میں ٹیکسوں کے نفاذ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کی مشکلات نہ بڑھائی جائیں۔ منگل کو سینیٹ اجلاس کے آغاز پر فاٹا اضلاع میں ٹیکسوں کے معاملے پر گرما گرم بحث ہوئی جس میں مولانا عطاء الرحمان نے کہا کہ فاٹا کے لوگوں کی مشکلات نہ بڑھائی جائیں، حکومتی اراکین کہتے ہیں ٹیکس استثنیٰ (باقی صفحہ 2 نمبر19)

سانحہ زیارت تحقیقاتی کمیشن نے باقاعدہ کارروائی کا آغاز کر دیا

مشاورت کے بعد عزت مآب جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا صاحب کو تحقیقاتی (انکوائری) کمیشن نامزد کر لیا ہے

28 اگست 2026 تک دفتری اوقات کار کے دوران اس انکوائری کمیشن کی معاونت کیلئے کوئی بھی ضروری شواہد پیش کر سکتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن کے دہشت گردانہ واقعہ/حملہ بمقام مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت اور اس کے نتیجے میں پولیس اہلکاران کی قیمتی جانوں کی شہادتوں پر عدالتی تحقیقات کے لیے محترم عزت مآب جناب چیف جسٹس، عدالت عالیہ بلوچستان کی مشاورت کے بعد عزت مآب جناب جسٹس محمد عامر نواز رانا صاحب کو تحقیقاتی (انکوائری) کمیشن نامزد کر لیا ہے۔ جس کے فوراً بعد (باقی صفحہ 2 نمبر20)

روزنامہ
تعمیر وطن
ABC CERTIFIED
TAMEER-E-WATAN

بلوچستان کی ترقی

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ (BBOIT) کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سہولت کاری اور سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی سے متعلق اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے وفاقی وزیر کو بورڈ کی جانب سے کاروباری سہولت کاری، سرمایہ کاروں کو معاونت، سرمایہ کاری کے تحفظ اور مقامی و بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے سازگار کاروباری ماحول کی تشکیل کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری برادری کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے بی بی او آئی ٹی کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے منصوبوں کو آگے بڑھانے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مزید مستحکم کرنے کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے حکومتِ بلوچستان کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بیرونی سرمایہ کاری کو فروغ دیکر ترقی وخوشحالی کی نئی راہیں متعین کی جاسکتی ہیں، وفاقی حکومت کو کوشش ہے کہ بلوچستان کو ترقی کے میدان میں دیگر صوبوں کے برابر لایا جائے۔ بلال خان کاکڑ نے وفاقی وزیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وفاق اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون کے ذریعے سرمایہ کاری کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور، کاروباری سرگرمیوں کو فروغ اور بلوچستان کی وسیع معاشی استعداد کو بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ بی بی او آئی ٹی بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری آسانیوں میں اضافے اور سرمایہ کاروں کے لیے ایک مؤثر اور قابلِ اعتماد نظام کی فراہمی کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے ہوئے ہے

بقیہ 01

ی برادری کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے بی بی او آئی ٹی کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے بلوچستان میں سرمایہ کاری کے منصوبوں کو آگے بڑھانے اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو مزید مستحکم کرنے کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے حکومتِ بلوچستان کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بیرونی سرمایہ کاری کو فروغ دیکر ترقی و خوشحالی کی نئی راہیں متعین کی جا سکتی ہے، وفاقی حکومت کو کوشش ہے کہ بلوچستان کو ترقی کے میدان میں دیگر صوبوں کے برابر لایا جائے۔ بلال خان کاکڑ نے وفاقی وزیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وفاق اور صوبائی حکومتوں کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون کے ذریعے سرمایہ کاری کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور، کاروباری سرگرمیوں کو فروغ اور بلوچستان کی وسیع معاشی استعداد کو بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ بی بی او آئی ٹی بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری آسانیوں میں اضافے اور سرمایہ کاروں کے لیے ایک مؤثر اور قابل اعتماد نظام کی فراہمی کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 02

الشفا ہسپتال منتقلی اور بہن سے ملاقات خوش آئند ہے، فیصلے سے عدلیہ کا وقار بحال ہوگا، سچ یہ ہے فیصلے سے میرے دل کا بوجھ کچھ کم ہوا ہے، بہتر ہوتا کہ حکومت یہ فیصلہ خود کرتی، برسات کی حبس زدہ رت میں یہ فیصلہ ٹھنڈی ہوا کا جھونکا ہے۔

بقیہ 03

وزیراعظم کو آئندہ حج کی تیاریوں اور انتظامات کے حوالے سے پیش رفت سے آگاہ کیا۔ سردار محمد یوسف نے وزارت مذہبی امور سے متعلق امور اور وزارت کی جانب سے جاری اقدامات کے بارے میں بھی وزیراعظم کو بریفنگ دی۔ وزیراعظم نے آئندہ حج کے دوران پاکستانی عازمین حج کو بہترین سہولیات کی فراہمی اور مؤثر انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ حج کے لئے تمام ضروری اقدامات بروقت مکمل کئے جائیں۔

بقیہ 04

شخصیات نے عابد شیر علی کو شادی پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ خاتون کا تعلق ہری پور کی فیملی سے ہے

بقیہ 05

اور ہم نے بہاولپور صوبے کی بھی حمایت کی تھی، تاہم سندھ صوبے کی تقسیم پر راضی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب پہلے صوبے بنانے کی بات کی جا رہی تھی تو اس وقت اسٹیبلشمنٹ بھی مخالفت کر رہی تھی، آج کون سی وحی آ گئی کہ کبھی ملک کو 16 اور کبھی 32 یونٹس میں تقسیم کرنے کی بات کی جا رہی ہے۔ ملک کے اصل مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے صوبوں کا ایشو پھینکا گیا ہے، اس وقت نئے صوبے بنانے کا ماحول نہیں ہے اور پاکستان غیر سنجیدہ گفتگو کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پاکستان کی سرزمین خون سے سرخ ہے، باہر کی دنیا سے تعلقات بہتر کرنے چاہئیں لیکن اپنے گھر کو بھی درست کرنا ہوگا۔ اسلامی دنیا کا بلاک بنانا جمعیت علمائے اسلام کے منشور کا حصہ ہے۔ انہوں نے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے بیانات میں تضاد پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایک دوسرے پر کرپشن کے الزامات لگانے والے آج ایک دوسرے کو جعلی قرار دے رہے ہیں، ان کے نزدیک اقتدار اور کرسی اہم ہے۔ راولاکوٹ کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ایک طرف کشمیری عوام کا ووٹ لیا جا رہا ہے جبکہ راولاکوٹ میں دو ماہ سے لوگ دھرنے میں بیٹھے ہیں۔ دھرنے میں بیٹھے لوگوں کے مطالبات باغیانہ نہیں ہیں اور ان کے مطالبات ایک بار تسلیم بھی کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ راولاکوٹ میں 80 سے 90 لوگ شہید ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دوسری بار دھرنے والوں نے انہیں کہا کہ وہ بات چیت کے لیے تیار ہیں۔ سوال یہ ہے کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی نے دھرنے والوں کے لیے ایک لفظ بھی کہا ہے؟ پی ٹی آئی نے بھی لوگوں کے حق میں بات نہیں کی۔ خیبرپختونخوا کی صورتحال پر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ لکی مروت اور بنوں سمیت مختلف علاقوں میں پولیس کا کمانڈ ٹوٹ چکا ہے اور پولیس آئی جی یا ڈی آئی جی کے احکامات نہیں مانتی۔ ہنگو میں پولیس کمپاؤنڈ کو طالبان نے گھیرے میں لے لیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ علمائے کرام نے اس معاملے میں کردار ادا کیا اور طالبان نے علماء کے کہنے پر پولیس اہلکاروں کو چھوڑ دیا، جبکہ پیسے بھی دیے۔ ان کے بقول خیبرپختونخوا میں پولیس کی رٹ ختم ہو چکی ہے۔ بلوچستان کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ بلوچ علاقوں میں شہروں کو بچانے کے لیے کھدائیاں کی گئی ہیں تاکہ صرف شہر محفوظ رہیں، جبکہ باقی علاقوں پر قبضہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب وہ یہ باتیں کرتے ہیں تو ان پر تنقید کیوں کی جاتی ہے؟ صحافیوں کو بلوچستان بھیجا جائے تاکہ وہ خود حالات دیکھیں۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ جمہوری حکومتوں میں پارلیمنٹ قوم کی نمائندہ ہوتی ہے اور اپوزیشن کو پارلیمنٹ ہاؤس میں برابر کا حق ملنا چاہیے۔ اپوزیشن اگر کسی پر تنقید کر رہی ہے تو اسے سننا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اصل حکومت اسٹیبلشمنٹ کی ہے اور وہی نظام چلا رہی ہے۔ ملک کو آئین کے مطابق چلانا ہے یا ایک ادارے کے طور پر، یہ طے کرنا ہوگا۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ان کا بس اتنا ہی چلتا ہے کہ لیڈر آف دی اپوزیشن سے کہیں کہ آل پارٹیز کانفرنس بلائی جائے۔ پارلیمنٹ کا ان کیمرہ اجلاس بلا کر بتایا جائے کہ پاکستان کہاں کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم چین سے درخواست کر رہے ہیں کہ 170 ارب روپے معاف کیے جائیں۔

بقیہ 06

لیے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی گئی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حملے میں دہشتگردوں کے ساتھ مقابلہ میں زخمی ہونے والے پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما اور جھالاوان عوامی پینل وڈھ کے صدر میر یاسر مینگل کی صحت دریافت کی اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی، اس موقع پر صوبے کی مجموعی سیاسی و امن وامان کی صورتحال، موجودہ حالات اور عوام کو درپیش مسائل پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ ملاقات میں پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی، میر آفتاب بگٹی، سردار مراد خان شیخ، میر فرید رئیسانی، ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان غوریزئی، میر شہباز خان قلندرانی، داود جان محمد زئی، حاجی منصور ساسولی، میر منصور گرگناڑی، میر عتیق الرحمن ساجدی، اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔

بقیہ 07

بانیوں کو بھی حکومت قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ منگل کو سینیٹ اجلاس کے دوران سینیٹر عطا الرحمن کے توجہ دلاؤ نوٹس پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابق فاٹا اور پاٹا کے علاقوں میں سیلز ٹیکس کے حوالے سے گزشتہ سال ایک طویل سیاسی مشاورت کے بعد فیصلہ کیا گیا تھا جس کا مقصد ٹیکس نظام میں توازن برقرار رکھنا اور ٹیکس استثنیٰ کے غلط استعمال کو روکنا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال فاٹا اور پاٹا کے علاقوں میں 10 فیصد سیلز ٹیکس عائد کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا جبکہ رواں سال اسے بڑھا کر 12 فیصد کیا گیا، اس کے باوجود یہ شرح ملک کے دیگر علاقوں میں نافذ 18 فیصد سیلز ٹیکس سے کم اور ترجیحی شرح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فیصلے سے قبل فاٹا، پاٹا اور خیبر پختونخوا کے نمائندوں، متعلقہ سیاسی رہنماؤں اور ایف بی آر حکام کے درمیان تفصیلی مشاورت ہوئی تھی، اس عمل کی قیادت اس وقت رانا ثناء اللہ نے کی جبکہ امیر مقام اور متعلقہ حکام بھی مشاورت میں شریک تھے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ فاٹا کے لیے ٹیکس استثنیٰ کا مقصد علاقے کی مخصوص محرومیوں اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے وہاں کے عوام اور کاروبار کو سہولت دینا تھا، تاہم اس استثنیٰ کے غلط استعمال کی شکایات بھی سامنے آتی رہیں۔ انہوں نے کہا کہ مختلف کاروباری نمائندوں اور چیمبرز سے بھی یہ شکایات سامنے آئیں کہ فاٹا اور پاٹا کے نام پر ٹیکس استثنیٰ کا غلط فائدہ اٹھایا گیا اور ایسی اشیا اور کاروبار بھی استثنیٰ میں شامل کیے گئے جن کا تعلق ان علاقوں سے نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت فاٹا اور پاٹا کے عوام کے مخصوص مسائل اور ضروریات سے پوری طرح آگاہ ہے اور ان کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قبائلی عوام اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو بھی حکومت قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس سمیت دیگر معاملات پر حکومت رواں سال بھی سیاسی مشاورت کا عمل جاری رکھے گی اور فاٹا و پاٹا کے نمائندوں کو اعتماد میں لے کر فیصلے کیے جائیں گے۔

بقیہ 08

کہ یہ جراسک دور کی لوئر انڈس بیسن کی چلتن فارمیشن سے ہائیڈروکاربن کی سب سے پہلی دریافت ہے۔ پی پی ایل نے کہا کہ اس دریافت سے پیٹرولیم سسٹم کی موجودگی ثابت ہوگئی ہے اور اس سے خشکی کے دلدلی علاقے اور اس کے کم گہرے سمندری توسیعی علاقوں میں ایک نئی ایکسپلوریشن فرنٹیئر کھل گئی ہے

بقیہ 09

ٹی ٹی، جس کے نتیجے میں 8 دہشتگرد ہلاک ہوئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کارروائی کے دوران دہشتگردوں کا ٹھکانہ بھی تباہ کر دیا گیا۔ ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم، واکی ٹاکی، موٹرسائیکل اور دیگر سامان برآمد کیا گیا۔ دوسری جانب ضلع سوراب کے علاقے جاجکہ گاؤں میں بھی سیکیورٹی فورسز نے کامیاب کارروائی کی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کے دوران ایک دہشتگرد ہلاک ہوا۔ ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے دشت کنائی اور جاجکہ کے درمیان مؤثر ناکہ بندی قائم کر کے دہشتگردوں کی نقل وحرکت کا سراغ لگایا، جس کے بعد کارروائی عمل میں لائی گئی۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور دیرپا امن کے قیام تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

بقیہ 10

جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ بہت تکلیف میں رہتے ہیں، کراچی جانے والی شاہراہ تقریباً سفر کے قابل نہیں رہی، جبکہ راستے میں ہونے والی روڈ ڈکیتیوں نے بھی مسافروں کے لیے مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے راستے، خصوصاً سکھر والے روٹ پر سفر کرنے والے لوگوں کو سندھ پولیس کی جانب سے بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما خورشید شاہ سے اپیل کی کہ سکھر کے راستے پر سندھ پولیس کو لگام دی جائے تاکہ بلوچستان سے سندھ اور کراچی جانے والے عوام کو بلاوجہ مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ رکن قومی اسمبلی نے کہا کہ موجودہ صورتحال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پی آئی اے اور نجی ایئرلائنز کے کرائے میں بڑے پیمانے پر اضافہ ہوا ہے اور چند ہزار روپے کے ٹکٹس بھی بڑے پیمانے پر لاکھوں روپے میں بک رہے ہیں، جس کے باعث عام شہری کے لیے فضائی سفر انتہائی مشکل ہو گیا ہے۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ ماضی میں کوئٹہ سے تقریباً دس ٹرینیں روزانہ چلا کرتی تھیں، جو غریب عوام کے لیے سفر کا اہم ذریعہ تھیں، تاہم اب صرف ایک دو ٹرینیں رہ گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بولان میل اور جعفر ایکسپریس بھی بند کر دی گئی ہیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ عوام کی سفری مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے بولان میل اور جعفر ایکسپریس کو روزانہ کی بنیاد پر بحال کیا جائے۔ کراچی کی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ شہر میں ایسے واقعات پیش آ رہے ہیں جن سے لوگوں میں نفرت پیدا ہوتی ہے۔ انہوں نے کراچی میں پشتون کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد اور کاروباری لوگوں کے ساتھ پولیس کی جانب سے مبینہ تشدد کا معاملہ بھی قومی اسمبلی میں اٹھایا۔ انہوں نے گزشتہ روز شفیق موڑ کراچی میں پیش آنے والے واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہاں پشتون لوگوں کو پولیس نے گرفتار کر کے بند کر دیا، حالانکہ ان کے مطابق یہ لوگ بے گناہ تھے۔ جمال شاہ کاکڑ نے سندھ حکومت اور پاکستان پیپلز پارٹی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں پشتون کمیونٹی اور کاروباری افراد کے ساتھ ہونے والی مبینہ زیادتیوں کا نوٹس لیا جائے، غیر ضروری گرفتاریوں اور کارروائیوں کا سلسلہ روکا جائے اور سندھ پولیس کو اس حوالے سے مناسب ہدایات جاری کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتونوں اور کاروباری لوگوں کے ساتھ ایسے واقعات کا تدارک ضروری ہے تاکہ کراچی میں مزید کشیدگی اور نفرت پیدا نہ ہو۔

بقیہ 11

و مالک ہے اس کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ مزید انصاف پر مبنی فیصلے سامنے آئیں، تحریک انصاف کے ساتھ ہونے والے ظلم کا ازالہ انصاف پر مبنی مزید فیصلوں سے ہی ممکن ہے۔ سہیل آفریدی کا کہنا تھا کہ کوئی ورکر ایسا اقدام نہیں اٹھائے جس سے عدالتی فیصلے کی توہین ہو۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں، بانی پی ٹی آئی کو فوری ہسپتال منتقل کیا جائے، سپریم کورٹ کے حکم پر ہم مکمل عمل کریں گے، کارکنان بھی کسی قسم کا اجتماع نہ کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ شفا انٹرنیشنل ہسپتال کے باہر کارکنان جمع نہ ہوں تاکہ علاج میں کوئی رکاوٹ نہ آئے، بانی پی ٹی آئی کی صحت پر بھی سیاست نہیں کریں گے۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق رپورٹس کو ذاتی معاملات کیلئے استعمال نہیں کیا جائے گا، بشریٰ بی بی کے معاملے کو بھی اسی طرح ایڈریس کیا جائے، انہیں بھی طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

بقیہ 12

میں کیا مسئلہ ہے؟ جو مواد دیا گیا وہ صرف میڈیکل رپورٹ کی سمری ہے، آئندہ سماعت سے قبل تمام ریکارڈ جمع کرایا جائے، ریکارڈ عدالت میں آئے گا تو وہ خفیہ نہیں رہے گا۔ جسٹس شاہد وحید نے کہا کہ بہنوں کی ملاقات کے حوالے سے کیا کہتے ہیں؟ جس پر ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نے کہا کہ کوئی قانون کی خلاف ورزی کرے گا تو ملاقات نہیں ہو گی۔ جسٹس شاہد نے کہا کہ اگر وہ قانون کی خلاف ورزی کر رہا ہے تو آپ بھی کریں گے؟ بہنوں سے ملاقات کوئی احسان نہیں، ان کا بنیادی حق ہے، ریاست کا کام نہیں کہ قانون کی خلاف ورزی کرے۔ جسٹس شاہد نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ کی ہدایات پر عمل کیوں نہیں ہو رہا، ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد نے کہا کہ بہنوں کی تین سال میں 8 4 ملاقاتیں کروائی گئی ہیں۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی سے بہنوں کی ملاقاتوں کی تفصیلات طلب کر لیں جبکہ بانی پی ٹی آئی کی بچوں سے بات کروانے کا ریکارڈ بھی مانگ لیا۔ جسٹس نعیم افغان نے کہا کہ ایک بات طے کر لیں کہ پی ٹی آئی بانی کی صحت پر سیاست نہیں کرے گی، ملاقاتوں کے بعد باہر آ کر سیاست نہ کریں۔ سپریم کورٹ نے آئندہ سماعت پر جیل سپرنٹنڈنٹ کو بھی طلب کر لیا۔ عدالت نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی اجازت ملے گی یا نہیں، دو ہفتے کے بعد فیصلہ کریں گے۔

بقیہ 13

بجٹ شفافیت میں صرف دو سال کے دوران 50 فیصد تک بہتری آئی ہے، جبکہ بجٹ سے متعلق معلومات تک عوام کی رسائی اور حکومتی جوابدہی میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ انٹرنیشنل بجٹ پارٹنرشپ کے اوپن بجٹ سروے 2025 کے حوالے سے خرم شہزاد نے بتایا کہ پاکستان کا بجٹ شفافیت اسکور 2023 میں 30 فیصد تھا جو 2025 میں بڑھ کر 45 فیصد ہوگیا ہے۔ ان کے مطابق پاکستان کا بجٹ شفافیت اسکور چین، بھارت، سری لنکا اور بنگلہ دیش سمیت اہم علاقائی ممالک کے مقابلے میں بھی بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایگزیکٹو بجٹ تجاویز، منظور شدہ بجٹ، سالانہ رپورٹس اور بجٹ سازی میں عوامی شرکت کے حوالے سے شفافیت میں بہتری آئی ہے، جو شفاف حکمرانی اور مؤثر مالیاتی نظم و نسق کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ خرم شہزاد کے مطابق پاکستان میں بجٹ میں عوامی شرکت کا اسکور 22 تک پہنچ گیا ہے، جو عالمی اوسط 17 اور ایشیا پیسفک کی اوسط 18 سے زیادہ ہے۔ مشیر وزیر خزانہ نے مزید بتایا کہ امریکی محکمہ خارجہ کی رپورٹ میں بھی پاکستان میں بجٹ سے متعلق عوام کی رسائی، مالیاتی نظام سے متعلق شفاف معلومات اور مضبوط قانونی فریم ورک کو سراہا گیا ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ بجٹ اور مالیاتی نظم و نسق میں شفافیت نہ صرف عوامی اعتماد میں اضافے کا باعث بن رہی ہے بلکہ سرمایہ کاروں کے اعتماد اور پاکستان کی ادارہ جاتی ساکھ کو بہتر بنانے کی جانب بھی اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 14

ایجنسی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیئے گئے۔ دونوں ادارے شناخت، بائیومیٹرک اور فرانزک کے شعبوں میں مل کر کام کریں گے، فریم ورک کے تحت ایک دوسرے کی صلاحیتوں اور مہارتوں سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔ جرائم کی تحقیقات اور نفاذ قانون کی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے میں مدد ملے گی، پیچیدہ معاملات میں شناخت کی تصدیق اور فرانزک تک رسائی کو آسان بنایا جائے گا، قومی سلامتی، امن و امان کے قیام اور نظام انصاف کی سرگرمیوں میں مدد ملے گی۔

بقیہ 15

ٹیسٹ لازمی قرار دیئے جائیں گے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وزارت صحت کے جو ملازمین ٹیسٹ نہیں کروائیں گے، ان کی تنخواہ بند کی جائے گی، دیگر اداروں کے ملازمین کے ٹیسٹ کیلئے بھی رابطہ کریں گے۔ وزیر صحت کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں ہیپاٹائٹس اسکریننگ کے 17 پوائنٹس بنائے گئے ہیں، نجی اسپتالوں کو ہیپاٹائٹس کٹس اور انجکشن دیئے جائیں گے، نجی اسپتالوں میں بھی ہیپاٹائٹس اسکریننگ کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزراء سمیت تمام سرکاری ملازمین کے ہیپاٹائٹس ٹیسٹ لازمی قرار دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ایک کروڑ ہیپاٹائٹس سی کے مریض موجود ہیں۔ یہ خطرناک بیماری ہے اس کا دیر سے پتہ چلتا ہے، یہ بیماری جگر کے کینسر کی شکل اختیار کر جاتی ہے۔

بقیہ 16

میں وزیراعظم شہباز شریف نے نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کے تحت نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے کیلئے مربوط اور مؤثر اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کر دی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کے ہنرمند اور باصلاحیت نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ملک کی پہلی نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی کا اجرا حکومت کی مخلصانہ کاوشوں کا عکاس ہے۔ وزیراعظم نے پالیسی پر عملدرآمد کیلئے بین الوزارتی تعاون اور جامع حکمت عملی کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے نوجوانوں بالخصوص خواتین کو روزگار کے نئے مواقع سے جوڑنے کیلئے انہیں ہنرمند بنانے پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ بلوچستان اور خیبرپختونخوا سمیت ملک بھر کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر خصوصی توجہ دی جائے۔

بقیہ 17

یو کے تحت ڈویژنل پبلک اسکول سبی میں قائم بااختیار وومن سینٹر میں مزید سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی پروگرامز کے لیے اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض کی ذاتی دلچسپی اور اپنی مدد آپ کے تحت قائم کیے گئے اس مرکز میں خواتین کے لیے جدید کمپیوٹر لیب کا قیام عمل میں لایا گیا، جہاں تقریباً 15 کمپیوٹرز، لیپ ٹاپس، ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز، فرنیچر اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کی گئیں۔ مرکز میں خدمات انجام دینے والے انسٹرکٹرز کو بھی باقاعدہ تربیت فراہم کی گئی، جس کے بعد خواتین کو مختلف شعبوں میں مفت تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ یوم آزادی کے موقع پر بااختیار وومن سینٹر کے منصوبے کو مزید وسعت دینے کے لیے کمشنر سبی اسد اللہ فیض اور YMSESDO Pakistan کے چیئرمین محمد منیر ابڑو نے ایک سالہ مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت ادارے کی جانب سے بااختیار وومن ڈویلپمنٹ سینٹر میں مزید جدید کمپیوٹرز اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کی جائیں گی، جبکہ خواتین کے لیے مختلف شعبوں میں لرننگ اور اسکل ڈویلپمنٹ کے کورسز بھی شروع کیے جائیں گے۔ معاہدے کے تحت خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنانے کے لیے بلاسود قرضوں کی فراہمی کے مواقع بھی فراہم کیے جائیں گے، تاکہ تربیت حاصل کرنے والی خواتین اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے باعزت روزگار اور کاروبار کے مواقع حاصل کر سکیں۔ کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے اس موقع پر کہا کہ خواتین کو جدید تعلیم، ہنر اور معاشی مواقع فراہم کرنا معاشرے کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ بااختیار وومن ڈویلپمنٹ سینٹر کا مقصد خواتین کو مفت تربیت اور جدید سہولیات فراہم کر کے انہیں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے قابل بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نجی اداروں اور فلاحی تنظیموں کے تعاون سے اس اقدام کو مزید وسعت دی جائے گی تاکہ سبی ڈویژن کی خواتین کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہنر سیکھنے اور باعزت روزگار حاصل کرنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع میسر آ سکیں۔

بقیہ 18

ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ سڑکیں بند ہیں اور معاشی قتل عام ہو رہا ہے۔ سی پیک کے حوالے سے بھی سوال اٹھاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سی پیک کہاں گیا، میرے خیال میں اسے نظر لگ گئی ہے۔ رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے 28ویں آئینی ترمیم اور نئے صوبوں کے معاملے پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ یہاں جو فیصلے ہوتے ہیں، ان کا پتہ باہر سے لگتا ہے۔ انہوں نے پوچھا کہ کیا کسی ایک سیاسی جماعت نے 28ویں ترمیم میں نئے صوبوں کے حوالے سے کوئی خاکہ پیش کیا ہے؟ کیا اس سلسلے میں کوئی پارلیمانی کمیٹی بنائی گئی ہے؟ انہوں نے تجویز دی کہ اگر 28ویں آئینی ترمیم لانی ہے تو اس حوالے سے کمیٹی بنائی جائے اور قومی سطح پر باقاعدہ بحث شروع کی جائے۔ پی ٹی آئی کے رکن علی محمد خان نے کہا کہ سیاستدانوں کو اپنی اہمیت پہچاننی ہوگی، یہاں سے ڈائیلاگ کی شروعات ہونی چاہیے۔ انہوں نے زور دیا کہ ملک کے اہم فیصلے پارلیمان میں ہونے چاہئیں۔ رکن قومی اسمبلی مرزا اختیار بیگ نے کراچی میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کا معاملہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ شہر میں 20، 20 اور 22، 22 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کراچی الیکٹرک کا دورہ کیا جائے اور مسئلے کے حل کے لیے وزیر اور کراچی کے ارکان قومی اسمبلی کی مشترکہ میٹنگ بلائی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک نکاتی ایجنڈے پر وزیر صاحب ارکان کے ساتھ میٹنگ کر لیں تاکہ لوڈشیڈنگ کا مسئلہ حل ہو سکے۔ رکن قومی اسمبلی شاہدہ رحمانی نے گیس کی بڑھتی ہوئی لوڈشیڈنگ کی جانب بھی توجہ دلائی۔ انہوں نے کہا کہ گیس کی لوڈشیڈنگ بھی زیادہ ہو رہی ہے۔ انہوں نے کوریئر سروس کے ذریعے زہریلی ادویات منگوائے جانے کی شکایت کا معاملہ بھی ایوان میں اٹھاتے ہوئے متعلقہ حکام سے اس کی تحقیقات اور معاملے کا جائزہ لینے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 19

کی چھوٹ کا غلط استعمال کیا گیا۔ اجلاس کے آغاز پر سوالات وجوابات کے کتابچے نہ چھپنے کی وجہ سے وقفہ سوالات کو مؤخر کیا گیا۔ ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے جے یو آئی کے سینیٹر مولانا عطا الرحمان نے وفاقی بجٹ میں سابقہ فاٹا اور پاٹا کے ضم شدہ اضلاع کے لیے ٹیکسوں سے استثنیٰ واپس لینے کے معاملے پر توجہ دلاؤ نوٹس پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ان اضلاع کے لیے سو ارب روپے کا وعدہ کیا گیا تھا جو پورا نہیں ہوا اور نہ ہی فنڈ دیے گئے۔ وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا کہ اس معاملے میں جو کمیٹی تھی اس میں فاٹا پاٹا کے لوگ بھی شامل تھے، خیبرپختونخواہ چیمبر آف کامرس بھی مشاورت میں شامل تھا، اس معاملے میں دیگر چیمبرز نے سختی سے مخالفت کی تھی۔ سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان میں جہاں پہلے ٹیکس نہیں وہاں بھی لگایا گیا ہے، عوام کو جو انگریز دور میں مراعات حاصل تھیں وہ بھی واپس لے لی گئی ہیں۔ وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ بلوچستان میں آپریشن کا کسی کو شوق نہیں ہے، وہاں روزانہ شہادتیں ہو رہی ہیں، بی ایل اے اور دہشتگردوں کو بھارت وسائل مہیا کر رہا ہے۔ پی ٹی آئی سے تعلق رکھنے والے سینیٹر محسن عزیز نے کہا کہ روزانہ ہماری سڑکیں بند ہوتی ہیں معیشت تباہ ہو چکی، 10 روز سے ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال رہتی ہے، ایران کی سڑکیں کھلی ہیں مگر ہماری بند کی جاتی ہیں۔ ایوان نے معیاری وقت آرڈیننس 1943 میں مزید ترمیم کا بل 2026، اور سول سرونٹس ایکٹ 1973 میں ترمیم کا بل منظور کر لیا جبکہ پی ٹی آئی نے بل کی مخالفت نہیں کی۔

بقیہ 20

15 اگست 2026 کو تحقیقاتی (انکوائری) کمیشن نے باقاعدہ کارروائی کا آغاز کرتے ہوئے تحقیقاتی کمیشن کے رجسٹرار/سیکرٹری کو تعینات کر دیا ہے۔ علاوہ ازیں تحقیقاتی کمیشن نے عوام الناس و تمام متعلقہ افراد، اداروں اور سیکیورٹی ایجنسیز کو نوٹس جاری/اشتہار کر دیا ہے کہ وہ مورخہ 28 اگست 2026 تک دفتری اوقات کار کے دوران اس تحقیقاتی (انکوائری) کمیشن کی معاونت کے لیے کوئی بھی ضروری شواہد پیش کر سکتے ہیں۔ نیز ہر وہ شخص جسے واقعہ/حملہ کے بارے میں کسی قسم کی کوئی بھی معلومات ہوں تو وہ عدالت عالیہ بلوچستان، کوئٹہ میں قائم کردہ رجسٹرار/سیکرٹری تحقیقاتی کمیشن کے دفتر میں مذکورہ تاریخ تک حاضر ہو کر اپنے نام و مکمل کوائف، موجودہ اور مستقل پتہ، رابطہ نمبر اور شناختی کارڈ کی نقل کے ساتھ جمع کر سکتے ہیں، تاکہ پیش کردہ معلومات اور دستاویزات معزز تحقیقاتی کمیشن کے سامنے پیش کی جائیں اور تحقیقاتی کمیشن کی جوڈیشل تحقیقات کی مزید کارروائی آگے بڑھائی جا سکے۔ تاہم معزز تحقیقاتی کمیشن کی مزید کارروائی کی تاریخ، وقت اور مقام سے متعلق بعد ازاں مطلع کیا جائے گا۔

بقیہ 21

بلوں اور ملاقاتوں کے تسلسل کی اہمیت پر خصوصی زور دیا۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم نے پاکستان کے اس دیرینہ اور اصولی موقف کا اعادہ کیا کہ تنازعات کے حل، اختلافات کو دور کرنے اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کے فروغ کے لیے صرف مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد حل ہیں۔

بقیہ 22

میں حکام سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ واقعے میں ملوث افراد کی فوری گرفتاری اور انکوائری کی جائے۔ خاتون پر مبینہ تشدد اور دیگر تمام پہلوؤں کی تحقیقات کی جائے۔

بقیہ 23

کام کے بعد جعفر ایکسپریس کوئٹہ کیلئے روانہ ہوئی۔ تفصیل کے مطابق جیکب آباد کے صدر تھانے کی حدود شاخ کے قریب گاؤں عبداللہ لاشاری کے نزدیک سومرا شاخ کے مقام پر نامعلوم تخریب کاروں نے ریلوے ٹریک کو بارودی مواد سے اڑا دیا جس کے نتیجے میں ریلوے پٹڑی کو دو فٹ تک نقصان پہنچا، ریلوے پٹڑی پر دھماکے کی اطلاع پر پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد ریلوے اسٹیشن پر روک دیا گیا، اطلاع ملنے پر پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور واقعے کی تحقیقات شروع کر دی، پولیس کے مطابق دھماکا رات گئے کیا گیا واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے، ریلوے حکام کے مطابق دھماکے کے بعد پشاور سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد ریلوے اسٹیشن پر روک دیا ریلوے عملے نے متاثرہ ٹریک کی مرمت کا کام مکمل کرنے کے بعد جعفر ایکسپریس کو اپنی منزل کوئٹہ کی جانب روانہ کر دیا، ریلوے حکام کے مطابق ریلوے ٹریک کی مرمت مکمل ہونے کے بعد ٹرینوں کی آمد و رفت مکمل بحال کر دی گئی ہے۔

بقیہ 24

میں تمام دریا معمول کے مطابق بہہ رہے ہیں اور کہیں سیلاب کا خطرہ نہیں ہے۔ منگل کو قومی اسمبلی میں نکتہ اعتراض پر پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن سید حسین طارق نے کہا کہ گزشتہ کچھ دہائیوں سے دریائے سندھ سمیت دیگر دریاؤں میں پانی کے بہاؤ میں اضافے کی وجہ سے سیلاب کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس سے پنجاب اور سندھ میں نقصان ہوتا ہے، بھارت کی طرف سے بھی پانی کو بطور ہتھیار استعمال کیا جاتا ہے، اس پر وزیر بریف کریں۔ وفاقی وزیر معین وٹو نے کہا کہ زراعت اور عام لوگ جو سیلاب کی زد میں آتے ہیں وہ فکرمند ہوتے ہیں، انہیں آگاہی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سردست تمام دریا معمول کے مطابق بہہ رہے ہیں، تربیلا ڈیم میں بھی پانی استعداد کے مطابق ہے، سیلاب کی صورتحال نہیں، 550 فٹ تک پانی کا ذخیرہ ہے۔

بقیہ 25

لینووو ٹیبلٹس برآمد کر کے ضبط کر لیے۔ کسٹمز حکام کے مطابق برآمد شدہ سامان اور اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی بس سمیت مجموعی مالیت تقریباً 10 کروڑ روپے بنتی ہے۔ کسٹمز حکام کے مطابق کارروائی کے دوران مسافر بس سے 122** عدد ایک ایک کلو چاندی کی اینٹیں برآمد ہوئیں، جن کی مالیت تقریباً 7 کروڑ 32 لاکھ روپے ہے۔ برآمد شدہ چاندی کے خالص پن کی حتمی تصدیق لیبارٹری ٹیسٹ کے ذریعے کی جائے گی۔ کارروائی کے دوران 277 پرانے/استعمال شدہ اسمارٹ فونز** بھی قبضے میں لیے گئے، جن کی مالیت تقریباً 1 کروڑ 62 لاکھ روپے بتائی گئی ہے، جبکہ 5 لینووو ٹیبلٹس بھی برآمد کیے گئے، جن کی مالیت تقریباً ڈیڑھ لاکھ روپے ہے۔ کسٹمز حکام نے اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی ڈائیوو بس، رجسٹریشن نمبر CBG-1949 بھی ضبط کر لی، جس کی مالیت تقریباً ایک کروڑ روپے بتائی گئی ہے۔ کسٹمز حکام کا کہنا ہے کہ زیارت کراس پر کی گئی کارروائی کے نتیجے میں چاندی، موبائل فونز، ٹیبلٹس اور بس سمیت مجموعی طور پر تقریباً 10 کروڑ روپے مالیت کا سامان ضبط کیا گیا ہے، جبکہ مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 26

چوہدری نے کہا کہ دہشت گردی کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، نیشنل ایکشن پلان وفاق اور صوبوں کا مشترکہ معاملہ ہے اور وفاق سمیت تمام صوبے اس پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی سے متعلق ہر اجلاس کا پی ٹی آئی نے بائیکاٹ کیا، دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیاسی جماعتوں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، سیکیورٹی فورسز ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ وزیر مملکت داخلہ کا کہنا تھا کہ جعلی شناختی کارڈ بنانے والے نادرا افسران کو ملازمت سے نکالا گیا ہے۔ ملک کو غیرملکی عناصر سے پاک کرنا اور شہریوں کا ریکارڈ شفاف رکھنا ضروری ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ خیبرپختونخوا کے لوگوں کے پاسپورٹ روکنے کی بات درست نہیں۔ وہ ایک ایک پاسپورٹ کی تفصیل دینے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ نیشنل ایکشن پلان پر وفاق سمیت تمام صوبے عمل کر رہے ہیں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے سیاسی و حکومتی سطح پر مشترکہ کوششیں ضروری ہیں۔

بقیہ 27

نجکاری کمیشن حکام کے مطابق آئندہ بجٹ سے اس فیصلے کا اطلاق ہوگا اور یہ ٹیکس چھوٹ 15 سال کیلئے ہوگی۔ ڈاکٹر فاروق ستار کی زیرصدارت قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی نجکاری کا اجلاس ہوا، جس میں نجکاری کمیشن حکام نے بتایا کہ قومی اسمبلی کی خزانہ کمیٹی کی سفارش پر پی آئی اے سمیت تمام ایئرلائنز کو درآمدی اشیا پر سیلز ٹیکس چھوٹ دی جائے گی۔ اجلاس میں زرعی ترقیاتی بینک کی نجکاری پر بھی بریفنگ دی گئی، اس حوالے سے حکام نے بتایا کہ زیڈ ٹی بی ایل کو 2024 میں نجکاری فہرست میں شامل کیا گیا۔ فنانشل ایڈوائزر نے ٹرانزیکشن اسٹرکچر بنا دیا ہے جبکہ اس پر مشاورت جاری ہے۔ فنانشل ایڈوائزر نے 100 فیصد نجکاری کی منظوری دی ہے، تاہم حکومت کچھ شیئرز اپنے پاس رکھنے پر غور کر رہی ہے۔ حکام کو امید ہے کہ زیڈ ٹی بی ایل کا ٹرانزیکشن پلان اسی ماہ منظور ہو جائے گا اور اسی مالی سال نجکاری کی کوشش کی جائے گی۔ قائمہ کمیٹی کو ڈسکوز کی نجکاری کے منصوبے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اس حوالے سے بتایا گیا ہے کہ پہلے مرحلے میں فیسکو، آئیسکو اور میپکو کی نجکاری ہوگی۔ نجکاری حکام کے مطابق 9 ڈسکوز کو 4 پیکج میں تقسیم کیا گیا ہے اور نجی شعبے کو ڈسکوز کے 51 سے 100 فیصد شیئرز آفر کیے جائیں گے۔ فیسکو کی نجکاری میں 12 نجی کمپنیوں نے آفر دی ہے جبکہ 3 ترک اور ایک چینی کمپنی نے بھی خریداری میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ ڈسکوز کے پہلے بیچ کی بڈنگ دسمبر 2026 میں ہوگی۔ سیکرٹری نجکاری کمیشن کے مطابق بڈنگ والے دن ڈسکوز کی ریزرو پرائس فائنل کی جائے گی جبکہ کوالیفائی کرنے والے بڈرز کو ڈسکوز کا ریکارڈ فراہم کیا جائے گا۔ ساتھ ساتھ ملازمین کو برقرار رکھنے کی کوشش ہوگی، تاہم حتمی فیصلہ بڈرز سے بات چیت کے بعد ہوگا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ڈسکوز کے پرانے لاسز اور بیلنس شیٹ میں لین دین کے مسائل موجود ہیں جبکہ ان کے نقصانات ٹیرف کے ہدف سے زیادہ ہیں۔ اجلاس میں چیئرمین کمیٹی فاروق ستار نے پیٹرولیم لیوی کو معیشت کی بہتری میں بڑی رکاوٹ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر معیشت بہتر کرنی ہے تو پیٹرولیم لیوی کے حوالے سے سخت فیصلہ لینا ہوگا۔

بقیہ 28

انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اہم اور کلیدی شعبوں میں تعاون کے فروغ کے ساتھ ساتھ اعلیٰ سطحی رابطوں اور ملاقاتوں کے تسلسل کی اہمیت پر خصوصی زور دیا۔ اس موقع پر نائب وزیراعظم نے پاکستان کے اس دیرینہ اور اصولی موقف کا اعادہ کیا کہ تنازعات کے حل، اختلافات کو دور کرنے اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کے فروغ کے لیے صرف مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد حل ہیں۔

بقیہ 29

نوٹیفکیشن کے مطابق سید علی رضا کی اعزازی طور پر تقرری کا اطلاق آئندہ احکامات تک فوری طور پر ہوگا۔ واضح رہے کہ سید علی رضا اس سے قبل چیف منسٹر آفس پنجاب میں لیگل ایڈوائزر کے عہدے پر خدمات انجام دے چکے ہیں۔ سید علی رضا نے نیشنل یونیورسٹی آف سنگاپور اور سٹینفورڈ یونیورسٹی سے گریجویشن کی ہے۔

بقیہ 30

ون اسلام آباد میں چھاپہ مارا، امیگریشن کلیئرنس میں مبینہ سہولت کاری پر امیگریشن اینڈ پاسپورٹ آفس اہلکار گرفتار کر لیا گیا۔ امیگریشن اینڈ پاسپورٹ آفس اہلکار جنید مغل کے موبائل سے مبینہ واٹس ایپ چیٹس اور ادائیگیوں کے شواہد مل گئے، غیر ملکی شہریوں کی امیگریشن کلیئرنس کے عوض مبینہ طور پر 0 8 ہزار روپے فی مسافر وصول کیے جاتے تھے۔ ایف آئی اے کارروائی کے دوران گاڑی کے ٹرنک سے مبینہ طور پر 2 کروڑ روپے نقد برآمد ہوئے، 2 کروڑ روپے کی مبینہ رقم بلیک سوٹ کیس سے برآمد ہوئی۔ ایف آئی اے کے مطابق برآمد رقم کو قبضے میں لے کر سیزر میمو کے ذریعے تحویل میں لے لیا گیا، جنید مغل نے چینی شہری سے رشوت وصول کرنے کا اعتراف کیا۔ ایف آئی اے نے اسلام آباد پولیس کے ایس پی یو اہلکار ظفر اقبال کو بھی گرفتار کر لیا، ظفر اقبال کے موبائل سے مبینہ طور پر پاسپورٹس، ویزوں اور امیگریشن کلیئرنس سے متعلق چیٹس ملیں۔ ترجمان نے کہا کہ مختلف پروازوں میں غیر ملکی مسافروں کی مبینہ سہولت کاری کا ریکارڈ بھی سامنے آ گیا۔ ایف آئی اے نے چینی شہری سمیت 3 افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، مقدمہ 109، 161، 419 پی پی سی اور 5(2) 1947 پی سی اے کے تحت درج کیا گیا۔ دیگر ایس پی یو، امیگریشن، این سی سی آئی اے اہلکاروں اور نجی افراد کا کردار تحقیقات میں سامنے لایا جائے گا، ایف آئی اے اینٹی کرپشن سیل اسلام آباد نے مقدمے کی تفتیش شروع کر دی۔

بقیہ 31

ہو گئے فائرنگ سے تین افراد جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا، اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاشوں اور زخمی کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئی پولیس نے بتایا کہ گاڑی میں چاروں افغان باشندے سوار تھے جو گلستان جا رہے تھے ان افراد کی شناخت کی جا رہی ہے۔

بقیہ 32

گیس آفس کو کسی بھی صورت میں کسی اور مقام پر منتقل کرنے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔ سریاب گیس آفس کی منتقلی سریاب کے عوام کے ساتھ ناانصافی اور عوام دشمن پالیسی کے مترادف ہے، جسے کسی بھی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بولان کے مقام پر 18 انچ کی گیس پائپ لائن متاثر ہوئی ہے، جبکہ 12 انچ کی پائپ لائن سریاب سے گزرتی ہے۔ اس کے باوجود سریاب کے عوام کو گیس کی فراہمی سے نظرانداز کرنا ناانصافیوں کے تسلسل اور عوام دشمن پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ غلام نبی مری نے مطالبہ کیا کہ سریاب سمیت کوئٹہ کے تمام متاثرہ علاقوں میں گیس کی فراہمی فوری طور پر بحال کی جائے اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔ ملاقات کے موقع پر پارٹی کے یونٹ سیکرٹری نذیر احمد بلوچ، شبیر احمد اور حاجی سعید احمد بھی موجود تھے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کے جنرل منیجر راحیل ملک اور سریاب زونل منیجر خان محمد بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ عوام کو درپیش گیس کے مسائل کے حل اور گیس کی بحالی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

بقیہ 33

سٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ، پی ڈی ایم اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر ملک ریحان دشتی، آر ایم او سول ہسپتال تربت ڈاکٹر مہرین باقر، ڈبلیو ایچ او کے ڈی پی او ڈاکٹر ارسلان، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرتضیٰ بلوچ، بابو شاہجان، فدا احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران و نمائندگان موجود تھے۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے ضلع کیچ میں محکمہ صحت کی مجموعی کارکردگی، جاری سرگرمیوں اور طبی سہولیات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ آر ایم او سول ہسپتال تربت ڈاکٹر مہرین باقر نے سول ہسپتال تربت میں ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی حاضری و غیر حاضری، ادویات کی دستیابی، بجلی و پانی کے مسائل، دائمی امراض کے مریضوں سمیت دیگر اہم طبی امور کے حوالے سے اجلاس کو بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرتضیٰ بلوچ نے اجلاس کو بتایا کہ پی پی ایچ آئی کے پاس تقریباً ڈھائی کروڑ روپے مالیت کی ادویات موجود ہیں جو مختلف بنیادی مراکز صحت (BHU) کو فراہم کی جا رہی ہیں انہوں نے پی پی ایچ آئی کے غیر حاضر ملازمین اور ان کے خلاف کیے جانے والے اقدامات سے متعلق بھی اجلاس کو آگاہ کیا۔ ڈبلیو ایچ او کے ڈی پی او ڈاکٹر ارسلان نے آئندہ پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی اور مہم کے دوران بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے، ٹیموں کی نگرانی اور مہم کو مؤثر بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سرکاری اسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے اور غیر حاضری کسی صورت برداشت نہ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ادویات کی دستیابی، بجلی و پانی سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے صحت کے شعبے میں غفلت اور لاپرواہی کے لیے کوئی گنجائش نہیں تمام افسران اور ملازمین اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور فرض شناسی کے ساتھ ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے آنے والی پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور ٹیموں کی مکمل نگرانی پر بھی زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی جانب سے صحت کے شعبے کی مسلسل نگرانی، عوامی مسائل کے فوری حل اور سرکاری طبی اداروں میں نظم و ضبط بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات ان کی متحرک، ذمہ دارانہ اور عوام دوست انتظامی قیادت کا واضح ثبوت ہیں۔

بقیہ 34

اور متعلقہ ایس او پیز پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور، اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام اور اسسٹنٹ کمشنر دورہ باڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت سمیت ایل پی جی اسٹیشنز کے مالکان اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایل پی جی اسٹیشنز اور ڈی کینٹنگ مراکز میں حفاظتی اقدامات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ معمولی غفلت بھی بڑے جانی و مالی نقصان کا سبب بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تفتان میں ایل پی جی ڈی کینٹنگ اسٹیشن میں پیش آنے والے دھماکے کے واقعے کے بعد متعلقہ حکام کی جانب سے ایل پی جی اسٹیشنز کے حفاظتی انتظامات کی جامع جانچ کا عمل شروع کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ اوگرا کی جانب سے تعینات افسر نے گوادر کے مختلف ایل پی جی اسٹیشنز اور ڈی کینٹنگ ایریاز کا معائنہ کیا، جس کے بعد پیش کی گئی رپورٹ میں حفاظتی پروٹوکولز پر عملدرآمد کی صورتحال کو انتہائی تشویشناک قرار دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ حکومتی قواعد وضوابط اور اوگرا کے مقرر کردہ حفاظتی معیار پر پورا اترنا تمام ایل پی جی اسٹیشن مالکان کی قانونی ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے ایل پی جی مالکان کو ہدایت کی کہ تمام ضروری سیفٹی پروٹوکولز ایک ہفتے کے اندر نصب کیے جائیں، جبکہ اوگرا لائسنس کے حصول اور متعلقہ کارروائی مکمل کرنے کے لیے ایک ماہ کی مہلت دی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حفاظتی نظام کی تنصیب کے لیے اوگرا کی سفارش کردہ ٹیکنالوجی اور آلات کا استعمال یقینی بنایا جائے، جن کی مجموعی لاگت تقریباً 70 ہزار روپے بتائی گئی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مقررہ مدت کے بعد اگر کسی ایل پی جی اسٹیشن پر حفاظتی پروٹوکول مکمل نہ ہوئے یا اوگرا لائسنس کے حصول کے لیے پیش رفت نہ کی گئی تو متعلقہ ڈی کینٹنگ اسٹیشن کو سیل کر دیا جائے گا، جسے کسی صورت کھولنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ انتظامیہ ایل پی جی مالکان کو قانونی تقاضے پورے کرنے اور اوگرا لائسنس کے حصول کے عمل میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی، تاہم کاروبار کے ساتھ شہریوں اور کارکنوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ مالکان سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقررہ مدت میں تمام تقاضے پورے کریں تاکہ محفوظ ماحول میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہ سکیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام نے بھی اپنے حالیہ دورہ باڑہ اور ایل پی جی اسٹیشنز کے معائنے سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ متعدد مقامات پر حفاظتی ایس او پیز پر مطلوبہ عملدرآمد نہیں پایا گیا۔ اجلاس میں موجود ایل پی جی اسٹیشن مالکان نے بھی اعتراف کیا کہ بعض مقامات پر مطلوبہ حفاظتی پروٹوکولز تاحال مکمل طور پر نصب نہیں کیے گئے، جبکہ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ مقررہ مدت کے اندر حفاظتی انتظامات مکمل کرنے اور اوگرا لائسنس کے لیے درخواست دینے کا عمل شروع کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا مقصد کسی کا کاروبار بند کرنا نہیں بلکہ محفوظ اور قانونی کاروباری ماحول کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ایل پی جی اسٹیشنز اور ڈی کینٹنگ مراکز کی نگرانی جاری رکھی جائے اور حکومتی ایس او پیز پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ، کاروباری سرگرمیوں کو قانونی دائرے میں لانے اور حفاظتی معیار بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رہیں گے۔

بقیہ 35

تبدیلی کے 4 لاکھ 61 ہزار 936 روپے اور فی دس گرام سونے کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 3 لاکھ 96 ہزار 035 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔ سونے کے برعکس عالمی مارکیٹ میں فی اونس چاندی کی قیمت 43 سینٹس کی کمی سے 65 ڈالر 07 سینٹس کی سطح پر آ گئی۔ چاندی کی عالمی قیمتوں میں کمی کے نتیجے میں مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی فی تولہ چاندی کی قیمت 3 43 روپے کی کمی سے 6 ہزار 986 روپے اور فی دس گرام چاندی کی قیمت 37 روپے کی کمی سے 5 ہزار 989 روپے کی سطح پر آ گئی۔ دوسری جانب بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 4 ہزار 395 ڈالر کی سطح پر مستحکم رہی۔

بقیہ 36

حب سے ضروریات کے مطابق پانی فراہم نہیں کیا جا رہا ہے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر حب نے کہا کہ جب حب ڈیم 1980ء کی دہائی میں قائم کیا گیا تھا تو اس وقت حب کی آبادی تقریباً 20 ہزار نفوس پر مشتمل تھی، جبکہ آج حب کی آبادی بڑھ کر تقریباً 6 لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی میں غیر معمولی اضافے کے ساتھ حب میں تقریباً 300 صنعتی یونٹس قائم ہو چکے ہیں، جبکہ ساکران سمیت ملحقہ علاقوں میں وسیع زرعی اراضی بھی موجود ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں شہری آبادی، صنعت اور زراعت تینوں شعبے پانی کی شدید قلت سے متاثر ہو رہے ہیں صدر چیمبر آف کامرس اسماعیل ستار نے اجلاس میں کہا کہ صنعتی ضروریات کے مطابق پانی کی عدم ترسیل سے انڈسٹریل سیکٹر اور روزگار متاثر ہو رہا ہے چیف سیکرٹری اور کور ہیڈ کوارٹر کو صورتحال سے آگاہ کیا گیا ہے بلوچستان میں لوگوں کو روزگار دینے والی صنعتیں بند ہو رہی ہیں انہوں نے کہا کہ ساحلی پٹی کا پانی کھارا ہونے کی وجہ سے صنعتیں حب کینال پر انحصار کرتی ہیں اور اریگیشن حکام کی جانب سے حب ڈیم پراجیکٹ ڈائریکٹر کو بار بار مراسلہ لکھا گیا ہے وفاقی حکومت اور واپڈا حکام کو سنجیدگی سے پانی بحران کا حل تلاش کرنا ہوگا اجلاس کے شرکاء نے صنعتی ضلع حب میں جاری شدید آبی بحران حب ڈیم سے پانی فراہمی، کے موجودہ شیئر، صنعتی و زرعی شعبے کو درپیش مشکلات اور پانی چوری کی روک تھام و ضیاع سمیت مختلف اہم امور پر مشاورت کی گئی، اجلاس کے شرکاء کو بتایا کہ حب ضلع کو اس وقت اس کے متوقع پانی کے حصے کا 30 فیصد سے بھی کم پانی موصول ہو رہا ہے، حالانکہ حب ڈیم کا کیچمنٹ ایریا بلوچستان میں واقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال تشویشناک ہے، کیونکہ تقریباً تین ماہ قبل تک حب میں پانی کی ایسی شدید قلت موجود نہیں تھی، تاہم اچانک پانی کے حصے میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، جس کی وجوہات کا جامع جائزہ لینا ضروری ہے۔ ڈپٹی کمشنر حب نے کہا کہ پانی حب کی بقاء کا مسئلہ ہے اور اسے صرف ایک انتظامی یا تکنیکی معاملہ سمجھ کر نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ شہری آبادی کے لیے پینے کا پانی، صنعتی شعبے کے لیے ضروری پانی اور کسانوں کے لیے زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ آبی بحران برقرار رہا تو اس کے منفی اثرات نہ صرف شہری زندگی، صنعت اور زراعت پر مرتب ہوں گے بلکہ امن و امان کی صورتحال بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اس لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی تعاون سے فوری اور ٹھوس اقدامات کرنا ہوں گے۔ اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر حب ڈیم نے پانی کے شیئر کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کراچی اور حب کے لیے پانی کی تقسیم کا ایک باقاعدہ اور نوٹیفائیڈ طریقہ کار موجود ہے، جس کے تحت دونوں علاقوں کے پانی کے حصے کا تعین کیا جاتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مقررہ قواعد و ضوابط کے تحت پانی کی تقسیم ہوتی ہے اور کوئی فرد یا ادارہ اپنی مرضی سے اس نظام کو تبدیل نہیں کر سکتا پراجیکٹ ڈائریکٹر نے مزید کہا کہ موجودہ صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے پانی کی تقسیم کے ساتھ ساتھ پانی چوری، غیرقانونی استعمال، ضیاع اور ترسیلی نظام میں ہونے والے نقصانات سمیت تمام عوامل کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلے کے مستقل حل کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مل کر ایک ٹھوس اور قابل عمل حکمت عملی وضع کرنا ہوگی۔ انہوں نے اس تاثر کی بھی تردید کی کہ بلوچستان کے حصے کا پانی جان بوجھ کر کم کیا جا رہا ہے اور کہا کہ پانی کی تقسیم مقررہ نظام اور قواعد کے مطابق ہوتی ہے، تاہم موجودہ صورتحال کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لے کر عملی حل تلاش کیا جانا چاہیے۔ صدر انجمن زمینداران حب رفیق سیاپاد نے زرعی شعبے کو درپیش مشکلات سے اجلاس کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ پانی کی کمی کے باعث ساکران اور ملحقہ علاقوں کے کسان شدید متاثر ہو رہے ہیں اور فصلوں کی پیداوار خطرے میں ہے۔ انہوں نے زرعی زمینوں کے لیے پانی کی منصفانہ اور بروقت فراہمی کا مطالبہ کیا۔ اجلاس میں شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا کہ حب میں بڑھتی ہوئی آبادی، صنعتی سرگرمیوں اور زرعی ضروریات کے پیش نظر موجودہ پانی کی قلت ایک سنگین نوعیت کا بحران بن چکی ہے، جس کے فوری تدارک کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر حب نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ پانی کی دستیابی، تقسیم، ترسیل، پانی چوری، ضیاع اور موجودہ شیئر سمیت تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لیا جائے اور اعداد و شمار اور زمینی حقائق کی بنیاد پر ٹھوس سفارشات مرتب کی جائیں۔ ڈپٹی کمشنر حب نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ حب کی شہری آبادی، صنعتی شعبے اور زرعی معیشت کے تحفظ کے لیے ہر ممکن فورم پر آواز اٹھائے گی اور پانی کے مسئلے کے حل کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ مؤثر رابطہ کاری جاری رکھی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ حب کے آبی بحران کے حل کے لیے بین الادارہ جاتی تعاون، شفاف نظام تقسیم، پانی کے ضیاع اور چوری کی روک تھام اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ایک جامع اور پائیدار حکمت عملی وضع کی جائے گی تاکہ شہری آبادی کو پینے کے پانی کی فراہمی، صنعتی سرگرمیوں کا تسلسل اور ساکران سمیت دیگر علاقوں میں زرعی معیشت کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے

بقیہ 37

خورد و نوش کی قلت، بازار میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے اور دیگر اہم مسائل سے آگاہ کیا۔ وفد نے ڈپٹی کمشنر سے درخواست کی کہ خالق آباد بازار کو صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک کھولنے کی اجازت دی جائے۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خالق آباد کی تاجر برادری کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خالق آباد بازار کھولنے کے لیے نئے اوقات کار جلد جاری کیے جائیں گے، جبکہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں

بقیہ 01

گیس آفس کو کسی بھی صورت میں کسی اور مقام پر منتقل کرنے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔ سریاب گیس آفس کی منتقلی سریاب کے عوام کے ساتھ ناانصافی اور عوام دشمن پالیسی کے مترادف ہے، جسے کسی بھی صورت قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بولان کے مقام پر 18 انچ کی گیس پائپ لائن متاثر ہوئی ہے، جبکہ 12 انچ کی پائپ لائن سریاب سے گزرتی ہے۔ اس کے باوجود سریاب کے عوام کو گیس کی فراہمی سے نظر انداز کرنا ناانصافیوں کے تسلسل اور عوام دشمن پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ غلام نبی مری نے مطالبہ کیا کہ سریاب سمیت کوئٹہ کے تمام متاثرہ علاقوں میں گیس کی فراہمی فوری طور پر بحال کی جائے اور عوام کو درپیش مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔ ملاقات کے موقع پر پارٹی کے جوائنٹ سیکریٹری نذیر احمد بلوچ، شبیر احمد اور حاجی سعید احمد بھی موجود تھے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کے جنرل منیجر راحیل ملک اور سریاب زونل منیجر خان محمد بلوچ نے یقین دہانی کرائی کہ عوام کو درپیش گیس کے مسائل کے حل اور گیس کی بحالی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

بقیہ 02

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ، پی ڈی ایم اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر ملک ریحان دشتی، آر ایم او سول ہسپتال تربت ڈاکٹر مہرین باقر، ڈبلیو ایچ او کے ڈی پی او ڈاکٹر ارسلان، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرتضیٰ بلوچ، بابو شاہجان، فدا احمد سمیت دیگر متعلقہ افسران و نمائندگان موجود تھے۔ اجلاس کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے ضلع کیچ میں محکمہ صحت کی مجموعی کارکردگی، جاری سرگرمیوں اور طبی سہولیات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ آر ایم او سول ہسپتال تربت ڈاکٹر مہرین باقر نے سول ہسپتال تربت میں ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی حاضری و غیر حاضری، ادویات کی دستیابی، بجلی و پانی کے مسائل، دائمی امراض کے مریضوں سمیت دیگر اہم طبی امور کے حوالے سے اجلاس کو بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرتضیٰ بلوچ نے اجلاس کو بتایا کہ پی پی ایچ آئی کے پاس تقریباً ڈھائی کروڑ روپے مالیت کی ادویات موجود ہیں جو مختلف بنیادی مراکز صحت (BHU) کو فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے پی پی ایچ آئی کے غیر حاضر ملازمین اور ان کے خلاف کیے جانے والے اقدامات سے متعلق بھی اجلاس کو آگاہ کیا۔ ڈبلیو ایچ او کے ڈی پی او ڈاکٹر ارسلان نے آئندہ پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی اور مہم کے دوران بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے، ٹیموں کی نگرانی اور مہم کو مؤثر بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ سرکاری اسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے اور غیر حاضری کسی صورت برداشت نہ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ادویات کی دستیابی، بجلی و پانی سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ صحت کے شعبے میں غفلت اور لاپرواہی کے لیے کوئی گنجائش نہیں، تمام افسران اور ملازمین اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور فرض شناسی کے ساتھ ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر کیچ نے آنے والی پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور ٹیموں کی مکمل نگرانی پر بھی زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی جانب سے صحت کے شعبے کی مسلسل نگرانی، عوامی مسائل کے فوری حل اور سرکاری طبی اداروں میں نظم و ضبط بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات ان کی متحرک، ذمہ دارانہ اور عوام دوست انتظامی قیادت کا واضح ثبوت ہیں۔

بقیہ 03

اور متعلقہ ایس او پیز پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور، اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام اور اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت سمیت ایل پی جی اسٹیشنز کے مالکان اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایل پی جی اسٹیشنز اور ڈی کینٹنگ مراکز میں حفاظتی اقدامات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ معمولی غفلت بھی بڑے جانی و مالی نقصان کا سبب بن سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تفتان میں ایل پی جی ڈی کینٹنگ اسٹیشن میں پیش آنے والے دھماکے کے واقعے کے بعد متعلقہ حکام کی جانب سے ایل پی جی اسٹیشنز کے حفاظتی انتظامات کی جامع جانچ کا عمل شروع کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ اوگرا کی جانب سے تعینات افسر نے گوادر کے مختلف ایل پی جی اسٹیشنز اور ڈی کینٹنگ ایریاز کا معائنہ کیا، جس کے بعد پیش کی گئی رپورٹ میں حفاظتی پروٹوکولز پر عملدرآمد کی صورتحال کو انتہائی تشویشناک قرار دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ حکومتی قواعد و ضوابط اور اوگرا کے مقرر کردہ حفاظتی معیار پر پورا اترنا تمام ایل پی جی اسٹیشن مالکان کی قانونی ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے ایل پی جی مالکان کو ہدایت کی کہ تمام ضروری سیفٹی پروٹوکولز ایک ہفتے کے اندر نصب کیے جائیں، جبکہ اوگرا لائسنس کے حصول اور متعلقہ کارروائی مکمل کرنے کے لیے ایک ماہ کی مہلت دی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حفاظتی نظام کی تنصیب کے لیے اوگرا کی سفارش کردہ ٹیکنالوجی اور آلات کا استعمال یقینی بنایا جائے، جن کی مجموعی لاگت تقریباً 70 ہزار روپے بتائی گئی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مقررہ مدت کے بعد اگر کسی ایل پی جی اسٹیشن پر حفاظتی پروٹوکول مکمل نہ ہوئے یا اوگرا لائسنس کے حصول کے لیے پیش رفت نہ کی گئی تو متعلقہ ڈی کینٹنگ اسٹیشن کو سیل کر دیا جائے گا، جسے کسی صورت کھولنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ انتظامیہ ایل پی جی مالکان کو قانونی تقاضے پورے کرنے اور اوگرا لائسنس کے حصول کے عمل میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی، تاہم کاروبار کے ساتھ شہریوں اور کارکنوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ مالکان سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقررہ مدت میں تمام تقاضے پورے کریں تاکہ محفوظ ماحول میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہ سکیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام نے بھی اپنے حالیہ دورہ بارڈر اور ایل پی جی اسٹیشنز کے معائنے سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ متعدد مقامات پر حفاظتی ایس او پیز پر مطلوبہ عملدرآمد نہیں پایا گیا۔ اجلاس میں موجود ایل پی جی اسٹیشن مالکان نے بھی اعتراف کیا کہ بعض مقامات پر مطلوبہ حفاظتی پروٹوکولز تاحال مکمل طور پر نصب نہیں کیے گئے، جبکہ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ مقررہ مدت کے اندر حفاظتی انتظامات مکمل کرنے اور اوگرا لائسنس کے لیے درخواست دینے کا عمل شروع کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا مقصد کسی کا کاروبار بند کرنا نہیں بلکہ محفوظ اور قانونی کاروباری ماحول کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ایل پی جی اسٹیشنز اور ڈی کینٹنگ مراکز کی نگرانی جاری رکھی جائے اور حفاظتی ایس او پیز پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ، کاروباری سرگرمیوں کو قانونی دائرے میں لانے اور حفاظتی معیار بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رہیں گے۔

بقیہ 04

سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ونگ کمانڈر کرنل شہریار، ایس ایس پی عبدالحمید، اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان ہنگورئی، چیئرمین میونسپل کمیٹی سردار محمد خان خلک، علمائے کرام، جلوس کمیٹی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 12 ربیع الاول کے مرکزی جلوس کے روٹس، سیکیورٹی، صفائی ستھرائی، ٹریفک سمیت دیگر ضروری انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر علمائے کرام اور جلوس کمیٹی کے نمائندوں نے جلوس کے روٹس اور انتظامات کے حوالے سے انتظامیہ کو تفصیلی آگاہی فراہم کی اور مختلف امور کی نشاندہی کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ 12 ربیع الاول ایک مقدس اور بابرکت دن ہے، اس موقع پر منعقد ہونے والے جلوس کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہر ممکن تعاون اور سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ جلوس کے تمام روٹس پر صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جلوس کے شرکاء کی سہولت کے لیے پانی کے باؤزر اور ایمبولینس بھی جلوس کے ہمراہ موجود رہیں گے، جبکہ سیکیورٹی کے لیے تمام ضروری اقدامات مکمل کیے جائیں۔ مشکوک افراد اور سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھی جائے اور جلوس کے روٹس اور اطراف میں فول پروف سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور دوران جلوس اپنے شناختی کارڈ لازمی اپنے ہمراہ رکھیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 12 ربیع الاول کا جلوس صبح 8 بجے ٹرین چوک سے شروع ہوگا، جس کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں بروقت مکمل کرنے کی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔

بقیہ 05

تبدیلی کے 4 لاکھ 61 ہزار 936 روپے اور فی دس گرام سونے کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 3 لاکھ 96 ہزار 035 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔ سونے کے برعکس عالمی مارکیٹ میں فی اونس چاندی کی قیمت 43 سینٹس کی کمی سے 65 ڈالر 07 سینٹس کی سطح پر آ گئی۔ چاندی کی عالمی قیمتوں میں کمی کے نتیجے میں مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی فی تولہ چاندی کی قیمت 43 روپے کی کمی سے 6 ہزار 986 روپے اور فی دس گرام چاندی کی قیمت 37 روپے کی کمی سے 5 ہزار 989 روپے کی سطح پر آ گئی۔ دوسری جانب بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 4 ہزار 395 ڈالر کی سطح پر مستحکم رہی۔

بقیہ 06

لدہ جیسی عظیم نعمت سے محروم ہونا زندگی کا بہت بڑا دکھ ہے۔ انہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ وفاقی وزیر نے غمزدہ خاندان کے لئے صبر جمیل اور مرحوم کے لیے بلندی درجات کی دعا کی۔

بقیہ 07

حب سے ضروریات کے مطابق پانی فراہم نہیں کیا جا رہا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر حب نے کہا کہ جب حب ڈیم 1980ء کی دہائی میں قائم کیا گیا تھا تو اس وقت حب کی آبادی تقریباً 20 ہزار نفوس پر مشتمل تھی، جبکہ آج حب کی آبادی بڑھ کر تقریباً 6 لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی میں غیر معمولی اضافے کے ساتھ حب میں تقریباً 300 صنعتی یونٹس قائم ہو چکے ہیں، جبکہ ساکران سمیت ملحقہ علاقوں میں وسیع زرعی اراضی بھی موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں شہری آبادی، صنعت اور زراعت تینوں شعبے پانی کی شدید قلت سے متاثر ہو رہے ہیں۔ صدر چیمبر آف کامرس اسماعیل ستار نے اجلاس میں کہا کہ صنعتی ضروریات کے مطابق پانی کی عدم ترسیل سے انڈسٹریل سیکٹر اور روزگار متاثر ہو رہا ہے۔ چیف سیکرٹری اور کور ہیڈکوارٹرز کو صورتحال سے آگاہ کیا گیا ہے۔ بلوچستان میں لوگوں کو روزگار دینے والی صنعتیں بند ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ساحلی پٹی کا پانی کھارا ہونے کی وجہ سے صنعتیں حب کینال پر انحصار کرتی ہیں اور اریگیشن حکام کی جانب سے حب ڈیم پراجیکٹ ڈائریکٹر کو بارہا مراسلہ لکھا گیا ہے۔ وفاقی حکومت اور واپڈا حکام کو سنجیدگی سے پانی بحران کا حل تلاش کرنا ہوگا۔ اجلاس کے شرکاء نے صنعتی ضلع حب میں جاری شدید آبی بحران، حب ڈیم سے پانی فراہمی، کے موجودہ شیئر، صنعتی و زرعی شعبے کو درپیش مشکلات اور پانی چوری کی روک تھام و ضیاع سمیت مختلف اہم امور پر مشاورت کی گئی۔ اجلاس کے شرکاء کو بتایا کہ حب ضلع کو اس وقت اس کے متوقع پانی کے حصے کا 30 فیصد سے بھی کم پانی موصول ہو رہا ہے، حالانکہ حب ڈیم کا کیچمنٹ ایریا بلوچستان میں واقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صورتحال تشویشناک ہے، کیونکہ تقریباً تین ماہ قبل تک حب میں پانی کی ایسی شدید قلت موجود نہیں تھی، تاہم اچانک پانی کے حصے میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، جس کی وجوہات کا جامع جائزہ لینا ضروری ہے۔ ڈپٹی کمشنر حب نے کہا کہ پانی حب کی بقا کا مسئلہ ہے اور اسے صرف ایک انتظامی یا تکنیکی معاملہ سمجھ کر نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ شہری آبادی کے لیے پینے کا پانی، صنعتی شعبے کے لیے ضروری پانی اور کسانوں کے لیے زرعی پانی کی فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ آبی بحران برقرار رہا تو اس کے منفی اثرات نہ صرف شہری زندگی، صنعت اور زراعت پر مرتب ہوں گے بلکہ امن و امان کی صورتحال بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اس لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی تعاون سے فوری اور ٹھوس اقدامات کرنا ہوں گے۔ اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر حب ڈیم نے پانی کے شیئر کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کراچی اور حب کے لیے پانی کی تقسیم کا ایک باقاعدہ اور نوٹیفائیڈ طریقہ کار موجود ہے، جس کے تحت دونوں علاقوں کے پانی کے حصے کا تعین کیا جاتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مقررہ قواعد و ضوابط کے تحت پانی کی تقسیم ہوتی ہے اور کوئی فرد یا ادارہ اپنی مرضی سے اس نظام کو تبدیل نہیں کر سکتا۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر نے مزید کہا کہ موجودہ صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے پانی کی تقسیم کے ساتھ ساتھ پانی چوری، غیر قانونی استعمال، ضیاع اور ترسیلی نظام میں ہونے والے نقصانات سمیت تمام عوامل کا جائزہ لینا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلے کے مستقل حل کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مل کر ایک ٹھوس اور قابل عمل حکمت عملی وضع کرنا ہوگی۔ انہوں نے اس تاثر کی بھی تردید کی کہ بلوچستان کے حصے کا پانی جان بوجھ کر کم کیا جا رہا ہے اور کہا کہ پانی کی تقسیم مقررہ نظام اور قواعد کے مطابق ہوتی ہے، تاہم موجودہ صورتحال کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لے کر عملی حل تلاش کیا جانا چاہیے۔ صدر انجمن زمینداران حب رفیق سیاپاد نے زرعی شعبے کو درپیش مشکلات سے اجلاس کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ پانی کی کمی کے باعث ساکران اور ملحقہ علاقوں کے کسان شدید متاثر ہو رہے ہیں اور فصلوں کی پیداوار خطرے میں ہے۔ انہوں نے زرعی زمینوں کے لیے پانی کی منصفانہ اور بروقت فراہمی کا مطالبہ کیا۔ اجلاس میں شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا کہ حب میں بڑھتی ہوئی آبادی، صنعتی سرگرمیوں اور زرعی ضروریات کے پیش نظر موجودہ پانی کی قلت ایک سنگین نوعیت کا بحران بن چکی ہے، جس کے فوری تدارک کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر حب نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ پانی کی دستیابی، تقسیم، ترسیل، پانی چوری، ضیاع اور موجودہ شیئر سمیت تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لیا جائے اور اعداد و شمار اور زمینی حقائق کی بنیاد پر ٹھوس سفارشات مرتب کی جائیں۔ ڈپٹی کمشنر حب نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ حب کی شہری آبادی، صنعتی شعبے اور زرعی معیشت کے تحفظ کے لیے ہر ممکن فورم پر آواز اٹھائے گی اور پانی کے مسئلے کے حل کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ مؤثر رابطہ کاری جاری رکھی جائے گی۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ حب کے آبی بحران کے حل کے لیے بین الادارہ جاتی تعاون، شفاف نظام تقسیم، پانی کے ضیاع اور چوری کی روک تھام اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے ایک جامع اور پائیدار حکمت عملی وضع کی جائے گی تاکہ شہری آبادی کو پینے کے پانی کی فراہمی، صنعتی سرگرمیوں کا تسلسل اور ساکران سمیت دیگر علاقوں میں زرعی معیشت کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 08

کے دوران درپیش مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے آئندہ مہم میں مزید بہتری اور مؤثر حکمت عملی اپنانے پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے اے ڈی سی چمن فدا بلوچ اور متعلقہ محکموں اور پولیو حکام کو ہدایت کی کہ آئندہ مہم کے لیے تمام انتظامات بروقت اور جامع انداز میں مکمل کیے جائیں۔ پولیو ٹیموں کی مؤثر نگرانی، مائیکرو پلان پر مکمل عملدرآمد اور پانچ سال سے کم عمر بچوں تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے سیکیورٹی حکام کو ہدایت کی کہ پولیو ٹیموں کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کرنے کے لیے جامع سیکیورٹی پلان مرتب کیا جائے اور حساس علاقوں میں خصوصی انتظامات کیے جائیں، تاکہ پولیو ورکرز بلاخوف و خطر اپنی ذمہ داریاں انجام دے سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، اس مقصد کے حصول کے لیے ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت، پولیو پروگرام، سیکیورٹی اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ اور مربوط حکمت عملی ضروری ہے۔ اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے، گزشتہ مہم کی خامیوں کو دور کرنے اور ضلع چمن میں پولیو سے بچاؤ کے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ ڈی سی چمن نے کہا اسکولوں اور مدرسوں میں داخل 10 سالہ بچوں کو حفاظتی ٹیکوں اور ویکسین ضروری دی جائیں۔

بقیہ 09

حدود میں قومی شاہراہ پر شاہ جمال پیٹرول پمپ کے پاس مسافر وین اور ٹرالر میں تصادم کے نتیجے میں حیدرآباد کے علاقے موسیٰ کھٹیان کا رہائشی محمد بخش اور ٹنڈو جام کا رہائشی صدام سولنگی عرف مٹھل جاں بحق ہوگیا، پولیس ذرائع کے مطابق حادثے کے زخمیوں کو ٹنڈیارو اسپتال منتقل کیا گیا جہاں سے چار کو حالت نازک ہونے پر گمس اسپتال گمبٹ منتقل کردیا ہے جاں بحق افراد کی نعش ضروری کارروائی بعد ورثاء حوالے کردی ہیں حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا گاڑیوں کو تحویل میں لیکر پولیس مزید تفتیش کررہی ہے۔

بقیہ 10

میسر ہے مگر عوام کو گیس فراہم کرنے والی پائپ لائن کی مرمت کے لیے سیکیورٹی دستیاب نہیں۔ 18 انچ قطر کی متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت میں غیر معمولی تاخیر اور گیس انتظامیہ کے مسلسل ٹال مٹول سے عوام شدید اذیت اور مشکلات کا شکار ہیں۔ کئی دن گزرنے کے باوجود گیس کی فراہمی بحال نہ ہونا متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیس پائپ لائن متاثر ہونے کے بعد ایل پی جی کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافہ ہوا ہے، جس کے باعث یہ غریب عوام کی دسترس سے باہر ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شدید گرمی میں طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جبکہ سردیوں میں گیس کی بندش نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ موسم کی شدت کے ساتھ بنیادی سہولیات کی قلت کو معمول بنانا حکومتی بے حسی اور انتظامی ناکامی کی واضح علامت ہے۔ عوام جس کرب، اذیت اور مشکلات سے دوچار ہیں حکمران طبقہ اس کی سنگینی کا ادراک کرنے اور مسائل کے مستقل حل کے لیے سنجیدہ اقدامات اٹھانے میں ناکام دکھائی دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے عوام زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ گیس، بجلی، پانی، صفائی، صحت اور تعلیم جیسی بنیادی سہولیات کا فقدان حکومتی کارکردگی کی سنگین ناکامی ہے۔ شدید گرمی میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور سردیوں میں گیس کی عدم دستیابی عوام کے لیے مستقل اذیت بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے مگر وعدوں اور کھوکھلی تسلیوں سے عوام کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ متعلقہ ادارے فوری طور پر متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت مکمل کرکے گیس فراہمی بحال کریں اور عوام کو مزید اذیت سے نجات دلائیں۔ عوام کو مسلسل بنیادی سہولیات سے محروم رکھنا حکومتی بے حسی اور انتظامی ناکامی کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ 11

سے واٹر سپلائی چل رہی تھی، مگر دیہی علاقوں کی بجلی معطل ہونے سے اب پانی کی فراہمی بالکل بند پڑی ہے۔ شدید گرمی کے موسم میں پانی نہ ہونے کے باعث خصوصاً خواتین، بچوں اور بزرگوں کو دور دراز علاقوں سے پانی لانے میں سخت مشکلات درپیش ہیں۔ بستی بہار خان حسیانی کے عوام نے کمشنر کوہ سلیمان اور ڈپٹی کمشنر بارکھان سے زوردار مطالبہ کیا ہے کہ عوام کی بنیادی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس واٹر سپلائی کو فوری طور پر سولر سسٹم پر منتقل کیا جائے تاکہ بجلی کی بندش سے بے نیاز ہو کر شہریوں کو پینے کا صاف پانی مسلسل میسر آسکے۔

بقیہ 12

طلباء نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے وطن سے محبت، قومی یکجہتی، تعلیم، نوجوانوں کے کردار اور پاکستان کی ترقی کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تقریری مقابلے کے مہمان خصوصی کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ تھے، جبکہ بالنگر لورالائی کے ریکٹر عزیز خلجی، کیپٹن وقار احمد شہید ریزیڈنشل کالج کے وائس پرنسپل پروفیسر منصور الرحمن، اے پی ایف کالج کے پرنسپل اعجاز صاحب، اساتذہ، طلباء اور دیگر معززین بھی تقریب میں موجود تھے۔ مقابلے میں بالنگر لورالائی، کیپٹن وقار احمد شہید ریزیڈنشل کالج لورالائی، بوائز ڈگری کالج لورالائی، گرلز ڈگری کالج لورالائی اور اے پی ایف کالج کے طلباء نے حصہ لیا۔ شرکاء نے جشن آزادی کے حوالے سے اپنے خطاب میں تحریک آزادی، قیام پاکستان کے مقاصد، قومی ذمہ داریوں، نوجوان نسل کے کردار اور ملک کی تعمیر و ترقی کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے کہا کہ پاکستان کی حقیقی آزادی اور ترقی کا خواب اسی وقت شرمندۂ تعبیر ہوسکتا ہے جب نوجوان نسل جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم حاصل کرے اور بالخصوص جدید فنی و تکنیکی تعلیم کی طرف بھرپور توجہ دے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں قوموں کی ترقی کا دارومدار علم، تحقیق، ہنر اور جدید ٹیکنالوجی پر ہے، اس لیے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں مثبت سرگرمیوں، معیاری تعلیم اور فنی تربیت کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تعلیمی ادارے نوجوانوں کی شخصیت سازی اور انہیں مستقبل کے چیلنجز کے لیے تیار کرنے میں بنیادی کردار ادا کرسکتے ہیں۔ کمشنر ولی محمد بڑیچ نے مزید کہا کہ تقریری اور ہم نصابی سرگرمیاں طلباء میں اعتماد، قائدانہ صلاحیتوں، اظہار خیال اور مقابلے کا جذبہ پیدا کرتی ہیں۔ ایسے پروگرامز نہ صرف طلباء کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ ان میں وطن سے محبت اور قومی ذمہ داری کا احساس بھی مزید مضبوط کرتے ہیں۔ تقریب سے بالنگر لورالائی کے ریکٹر عزیز خلجی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کی علمی و فکری تربیت کے لیے نصابی تعلیم کے ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں کا انعقاد بھی انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بالنگر لورالائی نوجوان نسل کو جدید تعلیم اور فنی مہارتوں سے آراستہ کرنے کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا۔ کیپٹن وقار احمد شہید ریزیڈنشل کالج کے وائس پرنسپل پروفیسر منصور الرحمن اور اے پی ایف کالج کے پرنسپل اعجاز صاحب نے بھی تقریب سے خطاب کیا۔ مقررین نے جشن آزادی کی اہمیت، قیام پاکستان کے مقاصد اور نوجوانوں کی قومی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور استحکام کے لیے طلباء کو محنت، نظم و ضبط اور تعلیم کو اپنا شعار بنانا ہوگا۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان نسل ملک کا مستقبل ہے اور انہیں جدید علوم، ٹیکنالوجی، تحقیق اور فنی مہارتوں سے آراستہ کرکے ہی پاکستان کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ تقریری مقابلے میں طلباء نے اپنی شاندار صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، جس کے بعد ججز کے فیصلے کے مطابق کیپٹن وقار احمد شہید ریزیڈنشل کالج لورالائی نے پہلی، اے پی ایف کالج نے دوسری جبکہ بالنگر لورالائی نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلباء میں انعامات اور اعزازات تقسیم کیے۔ اس موقع پر کامیاب طلباء اور ان کے اساتذہ کو مبارکباد پیش کی گئی جبکہ دیگر شرکاء کی حوصلہ افزائی بھی کی گئی۔ تقریب کے اختتام پر منتظمین کی جانب سے کہا گیا کہ جشن آزادی کے موقع پر ایسے علمی، ادبی اور تقریری مقابلوں کا مقصد نوجوان نسل میں حب الوطنی، مثبت سوچ، خود اعتمادی اور قائدانہ صلاحیتوں کو فروغ دینا ہے۔ شرکاء نے بالنگر لورالائی کی جانب سے پروگرام کے انعقاد کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وطن عزیز کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے نوجوان اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ 13

کونسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرب (JSMU کراچی)، ڈاکٹر سہیل امیر (BMO بنوں)، ڈاکٹر محمد اکرام (BMO بنوں)، انجینئر وجاہت علی (LCMD کراچی)، مسٹر محسن اے میمن (LMO حیدرآباد) اور مسٹر انوارالحق کاکڑ (کوئٹہ) شامل تھے۔ دورے کے موقع پر لورالائی میڈیکل کالج کے پرنسپل ڈاکٹر بشیر اللہ بھی موجود تھے۔ وفد کی آمد پر کالج انتظامیہ کی جانب سے معزز مہمانوں کا خیر مقدم کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر الطاف صاحب نے پی ایم اینڈ ڈی سی کی ٹیم کو لورالائی میڈیکل کالج کے تعلیمی، انتظامی، طبی اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں کالج میں فراہم کی جانے والی طبی تعلیم، طلبہ کے لیے دستیاب سہولیات، فیکلٹی، تدریسی و کلینیکل تربیت، لیبارٹریز، لائبریری، کلاس رومز، ہاسٹل، بنیادی ڈھانچے اور ٹیچنگ ہسپتال سے متعلق امور پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ وفد کو کالج کی کارکردگی، مستقبل کے منصوبوں اور طلبہ کو معیاری طبی تعلیم کی فراہمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ بریفنگ کے بعد پی ایم اینڈ ڈی سی وفد نے لورالائی ٹیچنگ ہسپتال اور میڈیکل کالج کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ وفد کے ارکان نے مختلف وارڈز، او پی ڈی، ایمرجنسی، تشخیصی سہولیات، تدریسی شعبہ جات، لیبارٹریز اور دیگر متعلقہ شعبوں کا جائزہ لیا اور وہاں موجود سہولیات، طبی آلات، عملے اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ وفد نے لورالائی میڈیکل کالج کی نئی عمارت کا بھی دورہ کیا اور وہاں دستیاب بنیادی و تدریسی سہولیات کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران کالج انتظامیہ کی جانب سے وفد کے سوالات کے جوابات دیے گئے اور مختلف شعبہ جات سے متعلق ضروری ریکارڈ اور معلومات بھی پیش کی گئیں۔ پی ایم اینڈ ڈی سی ٹیم نے کالج کے تعلیمی و طبی ماحول، تدریسی سہولیات اور طلبہ کو فراہم کیے جانے والے کلینیکل ایکسپوژر کا بھی جائزہ لیا۔ وفد نے اس امر پر زور دیا کہ میڈیکل طلبہ کی بہتر تربیت کے لیے معیاری تدریسی سہولیات کے ساتھ ساتھ ٹیچنگ ہسپتال میں مناسب کلینیکل سہولیات اور مریضوں کا وافر بہاؤ بھی ضروری ہے۔ دورے کے دوران کالج انتظامیہ نے وفد کو بتایا کہ لورالائی میڈیکل کالج علاقے میں طبی تعلیم کے فروغ اور مقامی نوجوانوں کو ڈاکٹر بننے کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ کالج اور ٹیچنگ ہسپتال کی سہولیات میں مزید بہتری لانے کے لیے مختلف اقدامات بھی جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی ایم اینڈ ڈی سی کا وفد اپنے دو روزہ دورہ لورالائی کے دوران کالج اور ٹیچنگ ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا مزید جائزہ لے گا اور متعلقہ حکام و انتظامیہ سے ملاقاتیں بھی کرے گا۔ معائنے کے اختتام پر وفد اپنی مشاہداتی رپورٹ مرتب کرے گا، جس میں کالج کی موجودہ سہولیات، تدریسی معیار، فیکلٹی، کلینیکل تربیت اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں سفارشات شامل ہوں گی۔ کالج انتظامیہ اور مقامی حلقوں نے امید ظاہر کی ہے کہ پی ایم اینڈ ڈی سی کے اس دورے سے لورالائی میڈیکل کالج میں طبی تعلیم اور صحت کی سہولیات کے معیار کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی اور علاقے کے طلبہ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ طبی تعلیم و تربیت کے بہتر مواقع میسر آئیں گے۔

بقیہ 14

زخمی کو سول اسپتال منتقل کیا جہاں اس کی حالت نازک ہونے پر سکھر کی اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ زخموں کے تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا، جاں بحق ہونے والا شخص بلوچستان سے ویگن کے ذریعے جیکب آباد آ رہا تھا کہ اچانک چلتی ویگن سے گر کر جاں بحق ہوگیا، نوجوان کی لاش گھر پہنچنے پر علاقے میں کہرام مچ گیا۔

بقیہ 15

مطابق گوشت و سبزی و دیگر اشیاء خورونوش فروخت کریں زائد المعیاد اشیاء فروخت کرنے اور زائد نرخ وصول کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے صفائی و ستھرائی اور اشیاء کے معیار پر بھی زور دیا، اور دکانوں کے آگے ناجائز تجاوزات عارضی تھڑے ہٹانے کی سختی سے تنبیہ کیں انہوں نے دکانداروں کو جن [illegible] سگریٹ و دیگر سامان اپنی دکانوں پر رکھنے اور فروخت کرنے پر پابندی عائد کرکے فوری عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ 16

ہوسکے۔ مرنے والوں کی عمریں 50 سے 60 کے درمیان تھیں، چھت گرنے سے ایک 18 سالہ لڑکی بھی زخمی ہوئی جنہیں اسپتال منتقل کردیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ نے بتایا کہ گھر کی چھت مٹی اور گارڈرز سے بنی ہوئی تھی۔ مسلسل بارش کے باعث چھت کمزور ہوگئی جس سے حادثہ پیش آیا۔

بقیہ 17

تھا، سمیعہ گھریلو چپقلش پر والدین کے گھر آگئی تھی، عمران ساتھ لے جانا چاہتا تھا۔ حکام کے مطابق عمران آج صبح سسرال آیا اور سمیعہ کو ساتھ نہ چلنے پر سر میں گولی ماردی، اس کے بعد ملزم نے سسر علی خان، ساس شائستہ اور برادر نسبتی ذیشان کو بھی مار ڈالا، بعدازاں ملزم عمران شوکت نے خود کو گولی مار کر خودکشی کرلی۔ پولیس اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ گئی اور نعشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے جناح ہسپتال منتقل کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق عمران شوکت اور سمیعہ ایک دفتر میں اکٹھے کام کرتے تھے، عمران شوکت نے سمیعہ سے پسند کی شادی کی تھی، یہ عمران کی دوسری شادی تھی، پہلی بیوی سے عمران کے 3 بچے ہیں۔ ملزم کی بیوی سمیعہ میکے ہی رہتی تھی، دونوں خاندانوں نے ایک دوسرے پر کیس کیا ہوا تھا، پہلے بھی لڑائی جھگڑا ہو چکا تھا۔

بقیہ 18

سے مسترد کرتی ہے جو قوموں کی تاریخی، ثقافتی اور جغرافیائی شناخت کو نظرانداز کرتے ہوئے سیاسی مفادات کے تحت پیش کیا جائے۔ اس قسم کے غیر سنجیدہ شوشے ملک میں پہلے سے موجود سیاسی اور قومی بے چینی کو مزید بڑھا سکتے ہیں اور ایسے بحران اور انتشار کو جنم دے سکتے ہیں جس کے نتائج کا شاید حکمران طبقہ تصور بھی نہ کر سکے۔ پاکستان کی مضبوطی کا راستہ قوموں کی شناخت، جمہوری اصولوں، صوبائی خودمختاری، مساوی حقوق اور باہمی احترام میں ہے، نہ کہ انتظامی تبدیلیوں کے نام پر نئے تنازعات پیدا کرنے میں۔

بقیہ 19

ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل، ضلع لسبیلہ کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد اعلیٰ تعلیمی اداروں اور اسکولوں کے درمیان تعلیمی روابط کو فروغ دینا، معیاری تعلیم کے فروغ، طلبہ کی تعلیمی و اخلاقی تربیت اور ان کی شخصیت سازی کے لیے مشترکہ کوششوں کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ اس موقع پر گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری اسکول اوتھل کے نو تعینات پرنسپل محمد سلیم سرپرہ اور تدریسی و انتظامی عملے نے پروفیسر ڈاکٹر نصر اللہ بنگلزئی کا پرتپاک استقبال کیا۔ اسکول انتظامیہ نے معزز مہمان کو ادارے کی تعلیمی سرگرمیوں، تدریسی ترجیحات، بنیادی ڈھانچے، طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ پروفیسر ڈاکٹر نصر اللہ بنگلزئی نے اسکول کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور وہاں موجود تعلیمی سہولیات، تدریسی انتظامات اور مجموعی تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا۔ انہوں نے طلبہ کے لیے نظم و ضبط، معاون ماحول اور طالب علم مرکز تعلیم کے قیام کے لیے اسکول انتظامیہ اور اساتذہ کی کوششوں کو سراہا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر نصر اللہ بنگلزئی نے کہا کہ معیاری تعلیم نوجوان نسل کو جدید دنیا کے بدلتے ہوئے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ طلبہ میں تنقیدی سوچ، سائنسی جستجو، تخلیقی صلاحیت، نظم و ضبط اور معاشرتی ذمہ داری کا شعور پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول اور جامعات انسانی وسائل کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں اور طلبہ کو اعلیٰ تعلیم اور مختلف پیشہ ورانہ شعبوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ طلبہ اپنی تعلیم پر بھرپور توجہ دیں، مثبت سوچ اپنائیں اور دستیاب تعلیمی وسائل سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔ دورے کے دوران لسبیلہ یونیورسٹی اور ضلع لسبیلہ کے مختلف تعلیمی اداروں کے درمیان مزید مضبوط تعلیمی روابط کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس سلسلے میں اس بات پر زور دیا گیا کہ جامعات اور اسکولوں کے درمیان مؤثر رابطہ طلبہ کو اعلیٰ تعلیم، سائنسی معلومات، جدید علوم، پیشہ ورانہ شعبوں اور مستقبل میں روزگار کے مواقع سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔

بقیہ 20

وایئر کنڈیشننگ اور موٹر وائنڈنگ کے چھ ماہ کے ٹریننگ کورسز شروع کیے جارہے ہیں۔ داخلے کے خواہشمند امیدوار 31 اگست 2026 تک ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر، ٹی ٹی سی کالونی سے داخلہ فارم حاصل کرکے دفتری اوقات میں جمع کراسکتے ہیں مزید معلومات کے لیے ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر سے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کیا جاسکتا 086-4211484,0333-7992490,03343142903

بقیہ 21

خوردونوش کی قلت، بازار میں چوری و ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے اور دیگر اہم مسائل سے آگاہ کیا۔ وفد نے ڈپٹی کمشنر سے درخواست کی کہ خالق آباد بازار کو صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک کھولنے کی اجازت دی جائے۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خالق آباد کی تاجر برادری کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ خالق آباد بازار کھولنے کے لیے نئے اوقات کار جلد جاری کیے جائیں گے، جبکہ علاقے میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 22

کے لیے 3 نام وفاق کو بھیج دیے ہیں۔ وفاق کی جانب سے چند دنوں میں نئے آئی جی کی تقرری کا امکان ہے۔

بقیہ 23

حساس پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ بڑھنے کا امکان ہے۔ این ڈی ایم اے نے بتایا کہ مالاکنڈ، لوئر دیر، اپر دیر، شانگلہ، سوات، بٹگرام، آلائی، اپر و لوئر چترال، اپر کوہستان، لوئر کوہستان، کولائی پالس، مانسہرہ اور گلیات کے پہاڑی علاقوں کو لینڈ سلائیڈنگ کے حوالے سے حساس قرار دیا گیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ لینڈ سلائیڈنگ، پتھر گرنے اور ملبے کے بہاؤ کے باعث حساس پہاڑی سڑکوں پر عارضی یا طویل دورانیے کے لیے ٹریفک کی روانی متاثر اور سڑکوں کی بندش کا خدشہ ہے، اس سلسلے میں این 45-بٹ خیلہ، چکدرہ، دیر، جگنئی روڈ، این 45-ایس 4-اے اور ایس 16-دیر ویلیز، این 90-این 95-چکدرہ، چکوڑہ، مدین، بحرین، کالام، آلائی، پوکل اور گنگوال روڈز خصوصی طور پر حساس قرار دیے گئے ہیں۔ این ڈی ایم اے نے بتایا کہ این 140-اور چترال، بونی، مستوج کوریڈور، این 45-دروش، لواری، چترال، گرم چشمہ روڈ بھی لینڈ سلائیڈنگ کے حوالے سے حساس ہیں۔ اسی طرح قراقرم ہائی وے پر داسو، کومیلا، سیو، پٹن، دوبیر، جنگل، پالس، کولائی تک رسائی کی سڑکیں اور این 15-بالاکوٹ، کاغان، ناران اور ایبٹ آباد، گلیات، تھنڈیانی روڈز پر بھی لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔ الرٹ میں خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ لینڈ سلائیڈنگ اور پتھر گرنے کے واقعات سے سڑکیں، پل، حفاظتی دیواریں اور دیگر بنیادی ڈھانچے متاثر ہونے، ٹریفک میں خلل اور دور دراز علاقوں کا زمینی رابطہ منقطع ہوسکتا ہے، اچانک پہاڑی تودے گرنے اور ملبے کے بہاؤ سے مسافروں، ڈرائیوروں، مقامی آبادی اور پہاڑی ڈھلوانوں کے قریب قائم آبادیوں کو براہ راست خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ متعلقہ ضلعی انتظامیہ اور اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ حساس پہاڑی ڈھلوانوں کی مسلسل نگرانی یقینی بنائیں اور کسی بھی ممکنہ لینڈ سلائیڈنگ کی صورت میں فوری کارروائی کے لیے ہنگامی ٹیمیں تیار رکھیں۔ این ڈی ایم اے نے حساس پہاڑی سڑکوں پر ممکنہ رکاوٹوں اور ٹریفک کی روانی متاثر ہونے سے نمٹنے کے لیے ضروری مشینری، ریسکیو وسائل اور متبادل انتظامات قبل از وقت یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ عوام اور مسافر سے درخواست کی گئی ہے کہ لینڈ سلائیڈنگ کے خطرے سے دوچار پہاڑی علاقوں اور سڑکوں پر غیر ضروری سفر سے گریز کریں، سفر سے قبل موسم اور سڑکوں کی تازہ ترین صورتحال سے آگاہی حاصل کریں اور متعلقہ اداروں کی جانب سے بندش کی گئی سڑکوں پر سفر سے مکمل گریز کریں۔ این ڈی ایم اے نے کہا ہے کہ پہاڑی علاقوں میں سفر کے دوران لینڈ سلائیڈنگ، پتھر گرنے یا ملبے کے بہاؤ کی صورت میں متاثرہ مقام سے محفوظ فاصلہ اختیار کریں اور انتظامیہ اور ریسکیو اداروں کی ہدایات پر عمل کریں۔

بقیہ 24

یوں کو چھینے کی بڑھتی واقعات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر قتل، بدامنی، ڈکیتی اور جرائم کی بڑھتی ہوئی وارداتیں معمول بن چکی ہے حکومت امن و امان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے جو انتہائی افسوسناک ہے تمام بلوچستان کے عوام کو تشویش میں مبتلا کردیا ہے ان تمام واقعات میں عوام مسافروں کے تحفظ کی ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوتی ہے لیکن قانون نافذ کرنے والے ادارے بدامنی کا مسئلہ ذمہ داری اور سنجیدگی سے نہیں لے رہا ہے انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر شہریوں کا تحفظ یقینی بنانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ بدامنی سے تاجر، ٹرانسپورٹر طبقہ صوبے کی اندرونی اضلاع میں تجارتی معاملات کے نقل و حرکت سے انکار کرچکی ہے شاہراہیں غیر محفوظ و حکومتی و انتظامی اداروں کے قابو سے باہر ہو چکی ہے حکومت نے تاجروں اور ٹرانسپورٹروں کو ڈاکوؤں اور دہشت گردوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پورے صوبے میں کہیں بھی حکومت کی رٹ دکھائی نہیں دیتی۔ قومی شاہراہوں، اور صوبے کی تمام اضلاع میں بدامنی کے باعث عوام کہیں پر بھی محفوظ نہیں۔ آئے روز کی بندش اور عسکریت پسندی نے طویل فاصلوں کے سفر کو ناقابل اعتبار اور غیر محفوظ بنادیا ہے شاہراہوں کی مسلسل بندش، لوٹ مار اور مسافر گاڑیوں کو روک کر سامانوں کو چھینا جا رہا ہے لیکن حکومت کی دعوے اخباری بیانات تک رہ چکے ہیں ریاست کے رٹ کا نام و نشان نہیں محض اخباری بیانات میڈیا پر زبانی جمع خرچ سے امن قائم نہیں ہوسکتے ہیں حکومت مسافروں کے سامان سمیت تاجر برادری و ٹرانسپورٹروں کے حفاظت کے لیے مؤثر حفاظتی اقدامات کریں۔

بقیہ 25

ٹی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔ اسی طرح وہ سروس فراہم کنندگان جو پہلے سے بی آر اے کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں لیکن مقررہ مدت میں اپنے ٹیکس ریٹرنز فائل نہیں کر رہے ان کے خلاف بھی قانونی کارروائی کا آغاز کیا جارہا ہے۔ بی آر اے نے واضح کیا ہے کہ ریسٹورنٹس، میرج ہالز، کنسلٹنسی، آئی ٹی سے متعلق خدمات، طبی و دیگر پیشہ ورانہ خدمات، ٹرانسپورٹ و دیگر سروسز، بلڈرز، آرکیٹیکٹس، پراپرٹی ڈویلپرز اور دیگر قابل ٹیکس خدمات فراہم کرنے والے افراد اور ادارے، جہاں قانون کے تحت قابل اطلاق ہو، اپنی رجسٹریشن اور دیگر ٹیکس ذمہ داریاں پوری کریں۔ اتھارٹی نے رجسٹرڈ سروس فراہم کنندگان کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ بروقت ٹیکس ریٹرنز فائل، درست معلومات فراہم اور واجب الادا ٹیکس مقررہ مدت میں ادا کریں۔ عدم تعمیل کی صورت میں بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 اور متعلقہ قوانین کے تحت جرمانوں، ڈیفالٹ سرچارج اور دیگر قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے تمام متعلقہ سروس فراہم کنندگان پر زور دیا ہے کہ وہ رضا کارانہ طور پر قانون کی پاسداری کرتے ہوئے رجسٹریشن اور ریٹرن فائلنگ کی ذمہ داریاں مکمل کریں تاکہ غیر ضروری قانونی پیچیدگیوں سے بچا جاسکے اور بلوچستان میں شفاف، منصفانہ اور مؤثر ٹیکس نظام کے فروغ میں اپنا کردار ادا کیا جاسکے۔

بقیہ 26

ل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر نجیب اللہ کاکڑ نے زور دیا کہ صرف پودے لگانا ہی کافی نہیں بلکہ ان کی مناسب آبیاری اور نگہداشت کو یقینی بنانا بھی انتہائی ضروری ہے صوبے میں ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے اور سبزہ زار میں اضافے کے لیے تمام متعلقہ شعبہ جات اور بالخصوص محکمہ زراعت عوامی سطح پر شجرکاری کی اہمیت اجاگر کرے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ژوب شمس الحق نے اسسٹنٹ کمشنر کو مون سون مہم کے لیے کی گئی تیاریوں، نرسریوں میں پودوں کی دستیابی اور درپیش امور کے حوالے سے بریفنگ دی اور یقین دہانی کرائی کہ حکومت بلوچستان کے وژن اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات کے مطابق شجرکاری مہم کو ہر صورت کامیاب بنایا جائے گا۔

بقیہ 27

مین سے ملاقات کی اور ان سے ان کی ذمہ داریوں، روزمرہ دفتری امور اور عوامی نوعیت کے معاملات کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کیں انہوں نے افسران و عملے سے دریافت کیا کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل میں کن مشکلات کا سامنا ہے اور دفتری امور کی انجام دہی کے دوران کون سے مسائل رکاوٹ کا باعث بن رہے ہیں انہوں نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح عوام کو بروقت اور شفاف انداز میں سرکاری خدمات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری ازالہ ہے۔ تمام افسران و اہلکار اپنے فرائض ذمہ داری، دیانت داری اور خلوص نیت سے سرانجام دیں اور عوام کو غیر ضروری تاخیر یا مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل سے متعلق موصول ہونے والی درخواستوں اور شکایات پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے اور ہر معاملے کو مقررہ وقت کے اندر نمٹانے کو یقینی بنایا جائے انہوں نے دفتری امور کی انجام دہی میں پیش آنے والی مشکلات بھی سنیں اور بعض مسائل کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو ضروری احکامات جاری کیے انہوں نے مزید کہا کہ تمام سرکاری دفاتر میں نظم و ضبط، صفائی ستھرائی، ریکارڈ کی بروقت تکمیل اور عوام سے خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آنے کو یقینی بنایا جائے افسران اپنے ماتحت عملے کی کارکردگی کی باقاعدگی سے نگرانی کریں تاکہ سرکاری امور میں مزید بہتری لائی جاسکے اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم ہوں ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل اور سرکاری اداروں کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 28

وائی کیچ اصغر علی، گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائی اسکول تربت کی پرنسپل زمرد واحد، ڈگری کالج تربت کے پرنسپل صغیر احمد، یوبیف کے فیض الرحمن، آر ٹی ایس ایم کے علیم بلوچ، تمام تحصیلوں کے ڈی ڈی اوز، محکمہ خزانہ کے نمائندے، این آر ایس پی کے نمائندے سمیت دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔ اجلاس کے آغاز میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد نے محکمہ تعلیم کی مجموعی صورتحال، تعلیمی اداروں اور دیگر متعلقہ امور کے حوالے سے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی، بعد ازاں یوبیف کے نمائندے فیض الرحمن نے یوبیف کی جانب سے تعلیم کے شعبے میں جاری اقدامات اور تعاون سے متعلق بریفنگ پیش کی۔ آر ٹی ایس ایم کے علیم بلوچ نے اساتذہ کی حاضری، غیر حاضری اور قواعد و ضوابط کے تحت تنخواہوں میں کٹوتی سے متعلق اجلاس کو آگاہ کیا اس موقع پر گورنمنٹ گرلز ماڈل ہائی اسکول تربت کی پرنسپل زمرد واحد سمیت دیگر افسران و سربراہان ادارہ نے اپنے اپنے اسکولوں کو درپیش مسائل اور ضروریات سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ ضلع کیچ کے طلبہ و طالبات کا مستقبل ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیے اور اس حوالے سے سنجیدہ سوچ و بچار کے ساتھ عملی اقدامات کیے جائیں انہوں نے کہا کہ تعلیم کے معاملے میں کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا فرائض میں غفلت اور ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے والے اساتذہ کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور غیر حاضری کی صورت میں تنخواہوں کی کٹوتی کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی نے مزید کہا کہ اسکولوں اور اساتذہ کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا تاکہ تعلیمی اداروں میں بہتر ماحول فراہم کیا جاسکے اور طلبہ و طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال دشتی کی جانب سے تعلیمی نظام کی بہتری، اساتذہ کی حاضری اور طلبہ کے روشن مستقبل کو ترجیح دینا ان کی تعلیمی شعبے کے حوالے سے سنجیدہ، متحرک اور ذمہ دارانہ قیادت کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 29

، ڈائریکٹر فنانس رحمت اللہ، ڈائریکٹر کیو ای سی ڈاکٹر رابعہ اسلم، ڈائریکٹر اورک ڈاکٹر ارشاد بلیدی سمیت مختلف ڈیپارٹمنٹ کے سربراہان نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے زور دیا کہ فال 2026 کی داخلہ مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ جامعہ کے مقررہ داخلہ اہداف حاصل کیے جا سکیں۔ انہوں نے تمام متعلقہ شعبہ جات اور فیکلٹی ممبران کو ہدایت کی کہ جامعہ کے تعلیمی پروگرامز کو بھرپور انداز میں متعارف کرایا جائے اور زیادہ سے زیادہ ممکنہ طلبہ تک رسائی حاصل کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ داخلہ اہداف کے حصول کے لیے ایک منظم، شفاف، بروقت اور طلبہ دوست طریقہ کار اختیار کیا جائے۔ وائس چانسلر نے فیکلٹی ممبران پر بھی زور دیا کہ وہ داخلہ مہم میں فعال کردار ادا کریں اور آگاہی سرگرمیوں، اسکولز و کالجز کے دوروں، سوشل میڈیا مہم اور براہ راست رابطوں کے ذریعے ممکنہ طلبہ تک جامعہ کے تعلیمی پروگرامز اور مواقع کی معلومات پہنچائیں۔

EXTENSION/RESCHEDULE OF TENDER DATE

The NIT regarding Procurement Const: Of Wss Along With Solar System For Various Water Supply Schemes in District Nushki Under BSDI Project. Published in Daily News Paper **DPRQ/PRQ NO. 526** and dated03-08-2026 The Last Date for Submission of Tender Documents was Scheduled on 18-08-2026 which has been extended and rescheduled on **04-09-2026** due to Absence of Chairman Procurement Committee. Other Terms and Conditions will remain the same.

EXECUTIVE ENGINEER
PUBLIC HEALTH ENGINEERING
DIVISION NUSHKI

PRQ No.905/18-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE FOR EXTENSION OF BID OPENING

This is to inform all concerned that the tender Notice for Water supply scheme alongwith the solar system at Kashmir Colony Quetta TSE-2627081150033 and Rehabilitation/ Construction of ladies Park and Family Park at Kashmir Colony Quetta TSE-2627081150053 were published in daily newspaper vide PRQ No.575/04-08-2026 and PRQ No. 576/04-08-2026 is hereby extended, and the bid opening schedule has been revised accordingly.

The bid submission deadline is now extended up to 24th August-2026 at 09:00 AM. and the all bids will be opened on the same day at 10:00AM.

All other terms and conditions will remain the same

EXECUTIVE ENGINEER,
Urban Planning & Dev: Department
Quetta Division Quetta

PRQ No.901/18-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

In pursuance of the directions conveyed by the Office of the Deputy Commissioner, Nushki the date of opening of tenders invited DPRQ/PRQ No.549/03/08/2026 by the Executive Engineer, Building C&WPP Department, District Nushki earlier scheduled for 19th & 20th August 2026, is hereby rescheduled to 2nd September 2026.

All other terms and conditions of the tender notice shall remain unchanged.

Executive Engineer -Building
C&WPP Department District
Nushki

PRQ No.906/18-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With refer to the advertisement published in daily newspapers vide **PRQ NO-461 under TSE-2627071142853,TSE-2627071142823** and to state that an error/omission has occurred in the Evaluation Criteria published along with the above-mentioned Notice Inviting Tender (NIT).It is, therefore, requested that the corrected Evaluation Criteria, has been uploaded, through a Corrigendum in the relevant BPRRA Website and incorporated accordingly, so that all prospective bidders are provided with the correct evaluation requirements and transparency in the procurement process is maintained. The remaining terms and conditions of the NIT shall remain unchanged

Assistant Director
Local Government & Rural
Development Sohbat pur

PRQ No.900/18-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

Tender were called vide PRQ No .572/04-08-2026 in daily leading Newspapers was published on 05-Aug-2026. due to change the Evaluation Criteria wherein the date of opening extended/ corrigendum to 26-08-2026. Other term and condition will be same as mentioned in NIT/bidding documents

Executive Engineer(Buildings)
CWPP&H Department
District Harnai

PRQ No.908/18-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

In pursuance of the directions conveyed by the Office of the Deputy Commissioner, Nushki the date of opening of tenders invited DPRQ/PRQ No.580/04-08-2026 by the Executive Engineer, Roads C&WPP Department, District Nushki earlier scheduled for 20th August 2026, is hereby rescheduled to 2nd September 2026.

All other terms and conditions of the tender notice shall remain unchanged.

Executive Engineer Roads
C&WPP Department District
Nushki

PRQ No.907/18-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

With reference to the NIT, DPRQ/PRQ No.704/10-08-2026 published by this office on 11th August, 2026 in daily newspapers, It is herby notified for the information of all concerned that the following corrections are made in the said NIT.

Sr .No	Location in NIT	Incorrectly Mentioned	Correction (May be Read as)
1	Line No.28	27th August 2024	27th August 2026

Executive Engineer
Public Health Engineering
Division Zhob

PRQ No.909/18-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE-CORRIGENDUM

With reference to advertisement published in daily newspapers vide **DAB/AB No. 123/30-07-2026** The CHIEF EXECUTIVE OFFICER NAWAB GHOUS BAKSH MEMORIAL HOSPITAL MASTUNG invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627071122501 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.T/Fee 1500 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Medicine & related items (Total Item(s) Count: 463)	2,500,000 PKR

Changed Area

S.No	Step Name	Remarks
1	Case Particular	Changing Bid security submission from offered cost to Fixed amount
2	Case Schedule	By Default
3	Case Particular	Non Availability of Chief Executive Officer

Note: The Remaing Terms & Conditions shall Remain Same.

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of amount 2,500,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 02 September, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System The bidders who have downloaded Bidding Document(s) before 17 August, 2026 are required to download the ammended Bidding Document(s). The Other terms and conditions shall remain same. Address: Nawab Shaheed Ghouns Bakhsh Raisani Memorial Hospital Mastung

Phone no: 3337803310 Email: raisaniaamir@gmail.com

CHIEF EXECUTIVE OFFICER
NAWAB GHOUS BAKSH
MEMORIAL HOSPITAL MASTUNG

AB No.229/18-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

In reference to this office Notice Inviting Tender (NIT) vide No.699-703 Dated:06-08-2026, published in leading daily newspapers under **DPRQ/PRQ NO.697/07-08-2026**, After amendment changes made in bidding documents (evaluation criteria), the new Opening date is extended till 27-08-2026 . Bidders are advised to obtain the updated bidding documents from B-PPRA EPPS.

Executive Engineer,
Public Health Engineering,
Division Lasbela

PRQ No.912/18-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

This office Notice for Inviting Tender for different development works published in daily leading Newspapers under PRQ No. 715/10-08-2026 & 712/10-08-2026 . Necessary amendments have been made in the bidding documents as per the advice of B-PPRA. Moreover, the date of submission of documents is also updated. The other terms and conditions will remain same.

EXECUTIVE ENGINEER,
IRRIGATION DIVISION
QUETTA

PRQ No.911/18-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

سروس فراہم کنندگان جو پہلے سے بی آر اے کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں لیکن مقررہ مدت میں اپنے ٹیکس ریٹرنز فائل نہیں کر رہے

بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائیاں، 9 سے زائد دہشتگرد ہلاک، متعدد ٹھکانے تباہ

ٹیکس قوانین کے تحت رجسٹریشن کے پابند ہیں لیکن تاحال رجسٹرڈ نہیں ہوئے، ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے تحت ٹیکس قوانین پر موثر عملدرآمد اور ٹیکس تعمیل یقینی بنانے کیلئے بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) نے صوبے بھر میں غیر رجسٹرڈ سروس فراہم کنندگان کے خلاف خصوصی انفورسمنٹ مہم تیز کر دی ہے۔ ایسے سروس فراہم کنندگان جو ٹیکس قوانین کے تحت رجسٹریشن کے پابند ہیں لیکن تاحال رجسٹرڈ نہیں ہوئے، ان کے خلاف قانون کے مطا(باقی صفحہ 3 نمبر 25)

صرف پودے لگانا کافی نہیں، نگہداشت بھی ضروری ہے، نجیب اللہ کاکڑ

ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے شجرکاری کو فروغ دیا جائے

موسیٰ خیل (خ ن) حکومت بلوچستان کے وژن اور ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل نجیب اللہ کاکڑ نے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع کے دفتر کا باقاعدہ دورہ کیا دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع شمس الحق اور دیگر زراعت کے اہلکاروں و عملے سے ملاقات کی اور دفتر کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کر کے انتظامی و عملی امور کا جائزہ لیا جشن آزادی (14 اگست) کے پرمسرت موقع پر شروع کی جانے والی مون سون شجرکاری مہم کو موثر انداز میں عملی جامہ پہنانے اور مقررہ اہداف کے حصو(باقی صفحہ 3 نمبر 26)

خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا الرٹ جاری

اسلام آباد (آئی این پی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے خیبر پختونخوا کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا الرٹ جاری کر دیا۔ این ڈی ایم اے سے جاری الرٹ کے مطابق (آج) 19 تا 22 اگست 2026 کے دوران خیبر پختونخوا کے(باقی صفحہ 3 نمبر 23)

حکومتی دعوے اخباری بیانات تک رہ چکے ہیں، جمعیت نظریاتی

ریاست کے رٹ کا نام ونشان نہیں محض اخباری بیانات میڈیا پر زبانی جمع خرچ سے امن قائم نہیں ہو سکتے ہیں

بدامنی سے تاجر، ٹرانسپورٹر طبقہ صوبے کی اندرونی اضلاع میں تجارتی معاملات کے نقل وحرکت سے انکار کر چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ ودیگر نے بلوچستان کے قومی شاہراوں پر مسافر بسوں تجارتی کاروباری حلقوں کیساماں سیلوڈ گاڑیوں کو لوٹنا بلوچستانی عوام کے گاڑ(باقی صفحہ 3 نمبر 24)

اسلام آباد: شفا انٹرنیشنل ہسپتال کی عمارت کا منظر

سریاب گیس آفس کو کسی بھی صورت میں کسی اور مقام پر منتقل کرنے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی، غلام نبی

سریاب گیس آفس کی منتقلی عوام کیساتھ ناانصافی اور عوام دشمن پالیسی کے مترادف ہے، بی این پی

اس وقت بولان کے مقام پر 18 انچ کی گیس پائپ لائن متاثر ہوئی ہے، جبکہ 12 انچ کی پائپ لائن سریاب سے گزرتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن غلام نبی مری نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے جنرل منیجر راحیل ملک اور سریاب زونل منیجر خان محمد بلوچ سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران کوئٹہ سمیت سریاب کے مختلف علاقوں میں گیس کی مکمل بحالی، عوام کو درپیش مشکلات اور گیس کی فوری فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر غلام نبی مری نے کہا کہ سریاب (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

کوئٹہ میں خاتون کے مبینہ اغوا اور تشدد کا نوٹس، وزیر داخلہ نے 24 گھنٹے میں رپورٹ طلب کر لی

کوئٹہ (یو این اے) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو نے قمبرانی روڈ کی رہائشی مسماۃ اسماء ولد امان اللہ کے مبینہ اغوا اور تشدد کے واقعے کا نوٹس لے لیا۔ وزیر داخلہ نے متعلقہ حکام سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ 24 گھنٹے کے اندر طلب کر لی ہے اور ہدایت کی ہے کہ واقعے میں ملوث افراد کو فوری طور پر گرفتار کیا

دہشتگردوں کے خلاف آپریشن جاری رہے گا، محسن نقوی

امن کے مکمل قیام تک کارروائیاں جاری رہیں گی، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن والفتح 3 کے تحت بلوچستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کی اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف بلاتفریق اور پوری ریاستی قوت سے آپریشنز جاری ہیں اور امن کے مکمل قیام تک بدستور جاری رہیں گے۔ ایک بیان میں انہوں نے فتنہ الہندوستان کے 9 سے زائد دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ قوم کو اپنے بہادر سپوتوں پر فخر ہے جنہوں نے ملکی بقا اور سلامتی پر کوئی آنچ نہیں آنے دی

عوام کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، یاسر اقبال دشتی

اسپتالوں میں ڈاکٹروں اور عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے

تمام افسران اور ملازمین اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور فرض شناسی کے ساتھ ادا کریں

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع کیچ میں صحت کے شعبے کی مجموعی صورتحال، سرکاری اسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، عملے کی حاضری اور آنے والی پولیو مہم سمیت مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈ(باقی صفحہ 3 نمبر 2)

ایل پی جی اسٹیشنز پر حفاظتی اقدامات میں کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، نقیب اللہ کاکڑ

حفاظتی انتظامات مکمل نہ ہوئے تو ڈی کینٹنگ اسٹیشن سیل ہوگا

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت ایل پی جی اسٹیشن مالکان، چیمبر آف کامرس اور محکمہ صنعت کے نمائندگان کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایل پی جی کی محفوظ ترسیل، ڈی کینٹنگ اسٹیشنز، ایل پی جی پلانٹس میں حفاظتی انتظامات، اوگرا لائسنس (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

بلوچستان اور پشتونخوا کے عوام کو تقسیم در تقسیم کی سیاست کا سامنا ہے، اے این پی

سیاست صحافت اور عدلیہ کو زیرعتاب لانے کی ہر کوشش کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی، تعزیتی کانفرنس سے خطاب

پشتون خوا اور بلوچستان کے وسائل پر قبضے اور انہیں آخری حد تک ہڑپ کرنے کیلئے انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کا شوشہ چھوڑا جا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے زیراہتمام کوئٹہ پریس کلب میں شہدا اگست کی یاد میں منعقدہ ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صوبے کی حقیقی جمہوری سیاسی جماعتوں کے رہنماں نے کہا ہے کہ سیاست صحافت اور عدلیہ کو زیرعتاب لانے کی ہر کوشش کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی پشتون خوا اور بلوچستان کے وسائل پر قبضے اور انہیں آخری حد تک ہڑپ کرنے کیلئے انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کا شوشہ چھوڑا جا رہا ہے (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

لورالائی: کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ ودیگر افسران جشن آزادی کے تقریری مقابلے میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ وطالبات میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

عوام کو بروقت اور شفاف سرکاری خدمات ترجیح ہیں، وریندر لعل

سرکاری امور میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں ہوگی

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے پی ایس منظور شیرازی کے ہمراہ ضلعی انتظامیہ کے زیرنگرانی کام کرنے والے مختلف شعبہ جات اور دفاتر کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے مختلف شعبوں میں جاری دفتری امور ریکارڈ کی دیکھ بھال عملے کی حاضری اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا ڈپٹی کمشنر نے مختلف شعبوں کے افسران اور ملاز(باقی صفحہ 3 نمبر 27)

12 ربیع الاول کے جلوس کیلئے فول پروف سکیورٹی یقینی بنائی جائے، الیاس کبزئی

سبی (خ ن) 12 ربیع الاول کی مناسبت سے عید میلاد النبی کے جلوس کے انتظامات اور سکیورٹی کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

تعلیم کے معاملے میں کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا، یاسر اقبال دشتی

غیر حاضر اساتذہ کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی ہوگی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع کیچ میں تعلیمی امور، اساتذہ کی حاضری، اسکولوں کو درپیش مسائل اور طلبہ و طالبات کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی سے متعلق مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر تربت محمد حنیف کبزئی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد، ڈی ا(باقی صفحہ 3 نمبر 28)

سونے کی قیمتیں مستحکم، چاندی کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ

کراچی (آئی این پی) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمتیں مستحکم رہیں جبکہ چاندی کی قیمتوں میں کمی ہوگئی۔ مقامی صراف مارکیٹوں میں منگل کو فی تولہ سونے کی قیمت بغیر کسی (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

داخلہ اہداف کے حصول کیلئے منظم اور شفاف طریقہ کار اپنایا جائے، عبدالرزاق صابر

جامعہ کے تعلیمی پروگرامز زیادہ سے زیادہ طلبہ تک پہنچائے جائیں

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی زیرصدارت وائس چانسلر سیکرٹریٹ میں تعلیمی و انتظامی اجلاس منعقد ہوا، جس میں فال 2026 کے داخلوں، مقررہ داخلہ اہداف کے حصول اور نئے تعلیمی سمسٹر کے آغاز کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں پرووائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد، رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

علیم خان کا بیرسٹر گوہر علی خان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات و صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان کی رہائش پر جا کر ان سے والدہ کے انتقال پر تعزیت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وا(باقی صفحہ 3 نمبر 6)

پانی بحران برقرار رہا تو امن وامان متاثر ہوسکتا ہے، ڈپٹی کمشنر حب

صنعتی ضروریات کیلئے پانی کی عدم فراہمی سے روزگار متاثر ہے، اسماعیل ستار

صنعتی سرگرمیوں کا تسلسل اور ساکران سمیت دیگر علاقوں میں زرعی معیشت کا تحفظ یقینی بنایا جائے

حب (خ ن) اجلاس میں ایف سی 147 ونگ کے کمانڈر کرنل شہزاد قمر چیمبر آف کامرس کے صدر اسماعیل ستار ودیگر صنعتکار وانجمن زمینداران کے نمائندگان اسسٹنٹ کمشنر حب مہیم خان گچکی چیئرمین میونسپل کارپوریشن گل حسن وائس چیئرمین عظیم۔ سیاں محکمہ پولیس اور محکمہ زراعت کے افسران شریک ہوئے ڈپٹی کمشنر نے اجلاس کے شرکاء کو بتایا کہ اربوں روپے وفاق کو ٹیکس دینے والا حب شہر گزشتہ کئی دنوں سے پانی سے محروم صنعتی اداروں اور شہری آبادی اور زمیندار پانی بحران سے متاثر ہیں حب ڈیم پانی سے بھرا ہوا ہے لیکن ڈیم حکام کی جا(باقی صفحہ 3 نمبر 7)

آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کو تبدیل کیے جانے کا امکان

پشاور (این این آئی) صوبہ خیبر پختونخوا پولیس کے آئی جی ذوالفقار حمید کو تبدیل کیے جانے کا امکان ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا حکومت نے آئی جی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

معیاری تعلیم نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتی ہے، ڈاکٹر نصراللہ بنگلزئی

اوتھل (یو این اے) پروفیسر ڈاکٹر نصراللہ بنگلزئی، ڈین فیکلٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز، لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز اوتھل نے گورنمنٹ بوائز ماڈل (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

خالق آباد بازار کے نئے اوقات کار جلد جاری ہوں گے، عائشہ زہری

تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری سے خالق آباد کے تاجروں کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں میر بہاول خان محمد شہی، حاجی مولاداد سالاتی، مولانا عبدالناصر سالاتی، حاجی سفر خان ابابکی، حافظ محمد قاسم اور محمد آصف ریئسانی شامل تھے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر اسد سالاتی بھی موجود تھے۔ تاجر برادری کے وفد نے ڈپٹی کمشنر کو خالق آباد بازار کی گزشتہ ایک ماہ سے مسلسل بندش کے باعث پیدا ہونے والی اشیائے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

گوادر ووکیشنل ٹریننگ سینٹر میں فنی کورسز کے داخلے جاری

گوادر (خ ن) ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر میں چھ ماہ کے فنی تربیتی کورسز کے لیے داخلے جاری محکمہ افرادی قوت وتربیت حکومت بلوچستان کے زیر انتظام ووکیشنل ٹریننگ سینٹر VTC گوادر میں سیشن 2026-27 کے لیے مختلف چھ ماہ کے فنی و پیشہ ورانہ تربیتی کورسز میں داخلوں کا اعلان کر دیا گیا ہے ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر میں نوجوانوں کو عملی اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہنر فراہم کرنے کے لیے آفس مینجمنٹ و کمپیوٹر آپریٹر، جنرل الیکٹریشن، ریفریجریشن (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

لورالائی: کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ بائٹس لورالائی جشن آزادی یوم پاکستان کی مناسبت سے انٹر کالج تقریری مقابلے کے تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اس قسم کے غیر سنجیدہ شوشے ملک میں پہلے سے موجود سیاسی اور قومی بے چینی کو مزید بڑھا سکتے ہیں، ڈاکٹر اسحاق بلوچ

پاکستان ایک کثیر القومی ریاست ہے، نیشنل پارٹی

پاکستان کی مضبوطی کا راستہ قوموں کی شناخت، جمہوری اصولوں، صوبائی خودمختاری، مساوی حقوق اور باہمی احترام میں ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان ایک کثیر القومی ریاست ہے، جہاں بلوچ، سندھی، پشتون، سرائیکی اور دیگر قومیتیں صدیوں پر محیط تاریخ، اپنی منفرد ثقافت، زبان اور تاریخی شناخت رکھتی ہیں۔ ان قومیتوں کی شناخت اور تاریخی حیثیت پاکستان کے وفاقی ڈھانچے کا بنیادی حصہ ہیں۔ نیشنل پارٹی نئے صوبوں کی تشکیل کے کسی بھی ایسے منصوبے کو شدت (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

راولپنڈی اور اسلام آباد میں دوسرے روز بھی موسلا دھار بارش

نشیبی علاقے زیرآب آگئے، رین ایمرجنسی نافذ، نالہ لئی میں پانی کی سطح بلند

اسلام آباد، کراچی (آئی این پی) راولپنڈی اور اسلام آباد میں مسلسل دوسرے دن موسلا دھار بارش سے نشیبی علاقے زیرآب آگئے، نالہ لئی میں پانی کی سطح پری الرٹ پر پہنچ گئی اور رین ایمرجنسی نافذ کر دی گئی۔ ایم ڈی واسا کے مطابق راولپنڈی کے علاقے شمس آباد میں سب سے زیادہ 116 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔ سید پور میں 03 ملی میٹر، گولڑہ میں 22 ملی میٹر، بوکرہ میں 59 ملی میٹر، پی ایم ڈی میں 47 ملی میٹر، کچہری میں 26 ملی میٹر، پیرودھائی میں 72 ملی میٹر، گوالمنڈی میں 59 ملی میٹر جبکہ نیو کٹاریاں میں 64 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی ہے۔

اسلام آباد، مدینہ ٹاؤن میں گھر کی چھت گرگئی، میاں، بیوی جاں بحق

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد کے علاقے مدینہ ٹاؤن میں بارش کی وجہ سے مکان کی چھت گرنے کے نتیجے میں میاں بیوی جاں بحق ہو گئے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق حادثہ بارش کے دوران پیش آیا، میاں بیوی کو فوری طور پر زخمی حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

گنداواہ بازار کا سرپرائز دورہ، اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کا جائزہ

سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، محمد رمضان کرد

جھل مگسی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر گنداواہ محمد رمضان کرد نے ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز ذوالفقار علی چدرانی اور ایس ایچ او سٹی گنداواہ انسپکٹر عبدالرزاق تیجبی کے ہمراہ گنداواہ شہر کی مرکزی بازار کا سرپرائز دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر انہوں نے سبزی وفروٹ، گوشت اور دیگر اشیائے خوردونوش کی قیمتوں، کوالٹی اور صفائی وستھرائی کا جائزہ لیا انہوں نے مختلف دکانوں کا معائنہ کرتے ہوئے سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی دکانداروں کو ہدایات جاری کیں بالخصوص سبزی فروشوں اور قصابوں کو سختی سے تنبیہ کی کہ سرکار کی جانب سے مقرر کردہ قیمتوں کے (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

لاہور، داماد نے بیوی سمیت 4 سسرالی قتل کرنے کے بعد خودکشی کر لی

لاہور (یو این اے) لاہور میں داماد نے فائرنگ کر کے بیوی سمیت 4 سسرالی رشتہ دار قتل کرنے کے بعد خودکشی کر لی۔ ریسکیو حکام کے مطابق فائرنگ کا واقعہ لاہور کے علاقے چوہنگ کی برکت کالونی میں پیش آیا۔ پولیس کے مطابق 25 سالہ عمران کا سمیعہ سے 6 ماہ قبل نکاح ہوا (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے آل پاکستان مائنز لیبر فیڈریشن وفد ملاقات کر رہا ہے

ڈیجیٹل ایپ میں تکنیکی خرابی، پنجاب بھر میں آن لائن چالان سروسز معطل

ٹریفک وارڈنز کو چالان کرنے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

لاہور (آئی این پی) ڈیجیٹل ایپ میں تکنیکی خرابی کے باعث لاہور سمیت پنجاب بھر میں آن لائن چالان سسٹم کی سروسز تعطل کا شکار ہیں۔ آن لائن سروسز میں تعطل کے باعث ٹریفک وارڈنز کو چالان کرنے میں دشواری کا سامنا ہے، لاہور سمیت پنجاب بھر میں سروسز تعطل کا شکار ہیں۔ ڈیجیٹل ون ایپ کو ٹریفک وارڈن کی جانب سے چالان کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جس میں تکنیکی خرابی کے باعث لاہور سمیت پنجاب بھر میں ٹریفک چالان نہیں ہو پا رہے ہیں۔

جیکب آباد میں چلتی ویگن سے گر کر نوجوان جاں بحق

جیکب آباد (آئی این پی) جیکب آباد میں چلتی ویگن سے گر کر نوجوان جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے صدر تھانے کی حدود قادری دربار کے قریب چلتی ویگن سے گر کر گاؤں احمد میاں سومرو کا رہائشی نوجوان شوکت علی سومرو شدید زخمی ہو گیا موقع پر موجود لوگوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

پی ایم اینڈ ڈی سی وفد کا لورالائی میڈیکل کالج کا تفصیلی معائنہ

طلبہ کی بہتر تربیت کیلئے معیاری تدریسی سہولیات ضروری ہیں، پی ایم اینڈ ڈی سی وفد

لورالائی (خ ن) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PM&DC) کا اعلیٰ سطحی وفد لورالائی میڈیکل کالج کے معائنے اور کالج میں طبی تعلیم و تربیت کے معیار کا جائزہ لینے کے لیے لورالائی پہنچ گیا، جہاں وفد نے لورالائی میڈیکل کالج، ٹیچنگ ہسپتال اور کالج کی نئی زیر تعمیر / مکمل شدہ عمارت سمیت مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ پی ایم اینڈ ڈی سی کے وفد میں پروفیسر ڈاکٹر محمد سمیر قریشی (DIMC کراچی)، (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

بارکھان، بجلی کی بندش سے بستی بجار خان حسیانی کی واٹر سپلائی معطل

بارکھان (یو این اے) بارکھان کی یونین کونسل چوہڑ کوٹ، بستی بجار خان حسیانی میں بجلی کی مسلسل بندش کے باعث واٹر سپلائی کا نظام مکمل طور پر معطل ہو گیا ہے، جس سے بستی اور گردونواح کے مکینوں کو پینے کے پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے۔ مقامی شہریوں کے مطابق پہلے بجلی (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

نوجوان جدید تعلیم اور فنی تربیت پر توجہ دیں، ولی محمد بڑیچ

ہم نصابی سرگرمیاں طلبہ میں قائدانہ صلاحیتیں اجاگر کرتی ہیں

لورالائی (خ ن) جشن آزادی پاکستان کی مناسبت سے باٹنز لورالائی کے زیراہتمام انٹر کالج تقریری مقابلے کا انعقاد کیا گیا، جس میں ضلع لورالائی کے مختلف تعلیمی اداروں کے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

موسم کی شدت کے ساتھ بنیادی سہولیات کی قلت کو معمول بنانا حکومتی بے حسی اور انتظامی ناکامی کی واضح علامت ہے

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے عوام زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں

حکومتی وزراء کے پکنک منانے کیلئے امن میسر مگر عوام کو گیس فراہم کرنے والی پائپ لائن کی مرمت کیلئے سیکورٹی دستیاب نہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، ڈیجیٹل میڈیا کوآرڈینیٹر عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی اور حاجی عطاء محمد شمشوزئی نے کہا ہے کہ بولان میں حکومتی وزراء کے پکنک منانے کے لیے امن (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

تربت ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

واجب الادا ٹیکس بروقت ادا کرنا شہریوں کی ذمہ داری ہے، عبدالقدوس اچکزئی

زرعی آمدن ٹیکس کے مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کیے جائیں

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی کی زیرصدارت زرعی آمدن ٹیکس کولیکشن کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں میجر عامر اسسٹنٹ کمشنر زیارت شیر شاہ ظلوزئی، اسسٹنٹ کمشنر سنجاوی میر من کاکڑ، تحصیلدار نور احمد نے شرکت کی۔ اجلاس میں مالی سال 2025-26 کے دوران ایگریکلچر انکم ٹیکس کولیکشن کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

پولیو مہم کے انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں، حبیب احمد بنگلزئی

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرصدارت DPEC اجلاس منعقد ہوا، جس میں آئندہ شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کی تیاریوں، سیکورٹی انتظامات اور گزشتہ پولیو مہم کی کارکردگی وحاصلات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں گزشتہ مہم کے دوران انسداد پولیو ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کی ویکسی نیشن، کوریج، رہ جانے والے بچوں اور مہم (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

نوشہرو فیروز ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق، تیرہ زخمی ہوگئے

نوشہرو فیروز (آئی این پی) ٹریفک حادثے میں دو افراد جاں بحق، تیرہ زخمی ہو گئے، اسپتال منتقل، کنڈیارو پولیس تھانہ کی (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

نوجوانوں کیلئے کھیلوں کے بہتر مواقع فراہم کر رہے ہیں، محمد اسماعیل مینگل

لورالائی (خ ن) جشن آزادی کے سلسلے میں محکمہ اسپورٹس لورالائی کے زیر اہتمام مختلف کھیلوں پر مشتمل شاندار اسپورٹس (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

گوادر ٹیچنگ ہسپتال میں جولائی کے دوران 10 ہزار سے زائد مریضوں کا علاج

مریضوں کی ضروریات کے مطابق سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے، ڈاکٹر حفیظ بلوچ

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی صحت عامہ پالیسی کے تحت میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ ہسپتال گوادر میں عوام کو معیاری، بروقت اور قابل رسائی طبی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق ماہ جولائی کے دوران مختلف شعبہ جات میں ہزاروں مریضوں کو علاج، تشخیص اور دیگر ضروری طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔

حکیم شہزاد کی رجسٹریشن منسوخی سے متعلق طب کونسل کا فیصلہ معطل

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد ہائیکورٹ نے معروف حکیم شہزاد کی رجسٹریشن منسوخی سے متعلق فیصلہ معطل کرتے ہوئے طب کونسل کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کر لیا۔ جسٹس محمد آصف نے حکیم شہزاد کی درخواست پر سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے وکیل (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

جیوانی میں گرین بوٹ اسکیم، 8 ماہی گیروں میں کشتیاں تقسیم

ماہی گیروں کی معاشی خوشحالی حکومت کی ترجیح ہے، مولانا ہدایت الرحمان بلوچ

گوادر/جیوانی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے کے ساحلی علاقوں کے ماہی گیروں کی فلاح، روزگار کے فروغ اور انہیں جدید سہولیات کی فراہمی کے لیے حکومت بلوچستان کی جانب سے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی تسلسل میں جیوانی میں گرین بوٹ اسکیم کی قرعہ اندازی اور سمندری طوفان سے متاثرہ ماہی گیروں میں امدادی چیکس کی تقسیم کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام، ڈائریکٹر میرین فشریز گوادر احمد ندیم، معروف کار(باقی صفحہ 3 نمبر 31)

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں شدید مندی، کاروبار کا منفی رجحان رہا

کراچی (یو این اے) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں آج شدید مندی کا رجحان رہا جس کے باعث سرمایہ کاروں کو اربوں کا نقصان برداشت کرنا پڑا۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز کاروبار کے آغاز پر سٹاک ایکسچینج میں مثبت رجحان دیکھا گیا، انڈیکس 100 پوائنٹس (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی آئندہ انسداد پولیو مہم کی تیاریوں، سیکیورٹی انتظامات اور گزشتہ مہم کی کارکردگی کے جائزے کے حوالے سے منعقدہ DPEC اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹیڈیم روڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com